Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | بدھ، 07 جون 2023ء 17 ذیقعد 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 52

اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان روسٹرم پر آئے تو عدالت کے استفسار پر بتایا کہ کسی کیس میں جج کے ذاتی مفاد کے ٹکراسے متعلق بات کروں گا

بغیر تصدیق آڈیو پر پریس کانفرنس کرنیوالے وزیر کو ہٹا دینا چاہیے تھا، سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے آڈیو لیکس کمیشن کو کام کرنے سے روکنے کے حکم امتناع میں توسیع کردی جبکہ کمیشن کیخلاف بنچ تبدیلی کی حکومتی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا

توہین کا معاملہ عدالت اور توہین کرنے والے کے درمیان ہوتا ہے، توہین عدالت کی درخواست بھی دیکھ لیں گے، توہین عدالت کی درخواست پر لگے اعتراضات ختم کیے جائیں، چیف جسٹس

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ بغیر تصدیق آڈیوز پر پریس کانفرنس کرنیوالے وزیر کو ہٹا دینا چاہیے تھا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بنچ نے آڈیو لیکس کیخلاف دائر درخواستوں پر سماعت کی، بنچ میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس شاہد وحید شامل ہیں۔ سپریم کورٹ نے آڈیو لیکس کمیشن کو کام کرنے سے روکنے کے حکم امتناع میں توسیع کردی جبکہ کمیشن کیخلاف بنچ تبدیلی کی حکومتی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ آج سماعت کا آغاز ہوا تو درخواست گزار کا کہنا تھا کہ آڈیو لیکس انکوائری کمیشن کے خلاف توہین عدالت کی درخواست مقرر نہیں ہوئی۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ توہین کا معاملہ عدالت اور توہین کرنے والے کے درمیان ہوتا ہے، توہین عدالت کی درخواست بھی دیکھ لیں گے، توہین عدالت کی درخواست پر لگے اعتراضات ختم کیے جائیں۔ اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان روسٹرم پر آئے تو عدالت کے استفسار پر بتایا کہ کسی کیس میں جج کے ذاتی مفاد کے ٹکرا سے متعلق بات کروں گا۔ جج کو توہین عدالت کی درخواست میں فریق نہیں بنایا جاسکتا: چیف جسٹس چیف جسٹس پاکستان کا کہنا تھا کہ آپ کی درخواست میں ایک کمی ہے، چیف جسٹس پاکستان آئینی آفس ہے جس کے اپنے اختیارات ہیں، اگر چیف جسٹس موجود نہ ہو تو پھر قائم مقام چیف جسٹس کام کرتا ہے، توہین عدالت کی درخواست (بقیہ نمبر 1)

کوئٹہ میں کیل کی ٹارگٹ کلنگ کے ذمہ دار چیئرمین PTI ہیں، عطا تارڑ

یہ 9 مئی کے واقعات پر پردہ ڈالنے کی کوشش کررہے ہیں لیکن اب ہم انہیں سٹے آرڈر کے پیچھے چھپنے نہیں دیں گے

اسلام آباد (خبرنگار) وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا تارڑ نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں سپریم کورٹ کے وکیل کے قتل کے ذمے دار چیئرمین پی ٹی آئی ہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ وکیل عبدالرزاق کے قتل میں چیئرمین پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 4)

دنیا الیکشن کروانے کا بار بار کہہ رہی ہے لیکن حکومت نتیجے سے خوفزدہ ہے، شیخ رشید

سیاسی چھتریوں پر آوارہ سیاسی پرندے ادھر سے ادھر بیٹھ رہے ہیں، لیکن دانا کس کو پڑتا ہے فیصلہ ہونا باقی ہے

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ دنیا الیکشن کروانے کا بار بار مشورہ دے رہی ہے لیکن حکومت نتیجے سے باخبر اور خوف زدہ ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں شیخ رشید کا کہنا (بقیہ نمبر 3)

کے الیکٹرک کی کارکردگی مطمئن نہیں، وفاقی وزیر آئی ٹی امین الحق

امین الحق نے کہا کہ اہلیان کراچی کو کیا لیکٹرک سے اوور بلنگ، لوڈشیڈنگ سے متعلق بے شمار شکایات ہیں

کراچی (جنرل رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی رابطہ کمیٹی کے رکن و وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق نے چیئرمین نیپرا توصیف فاروقی سے ملاقات کی ہے۔ اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی جاوید حنیف بھی موجود تھے۔ ملاقات میں کے الیکٹرک کے حوالے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے نویں جائزے کی تمام شرائط مکمل کرلی ہیں، توقع ہے کہ رواں ماہ اچھی خبر سننے کو ملے گی

آئی ایم ایف سے متعلق رواں ماہ اچھی خبر ملنے کی توقع ہے، وزیراعظم

پاکستانی عوام ماضی میں بھی چیلنجز کا سامنا کرچکے ہیں اور ضرورت پڑی تو آئندہ بھی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں، آئی ایم ایف سے معاہدہ رواں ماہ ہونے کی توقع ہے، شہباز شریف

وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ کچھ اقدامات بورڈ کی منظوری کے بعد کیے جاتے ہیں تاہم اس مرتبہ آئی ایم ایف نے بورڈ کی من ظوری سے قبل جو اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا تھا وہ ہم نے کردیئے ہیں

اپریل 2022 میں ملک اس وقت کی حکومت کی جانب سے آئی ایم ایف سے کیے گئے معاہدے کی خلاف ورزی کے باعث ڈیفالٹ کے قریب پہنچ گیا تھا۔ تباہ کن سیلاب نے بھی پاکستان کی مشکلات میں اضافہ کیا

انقرہ (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے معاہدہ رواں ماہ ہونے کی توقع ہے۔ ترک میڈیا کو انٹرویو میں وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے نویں جائزے کے تمام شرائط مکمل کرلی ہیں۔ توقع ہے کہ رواں ماہ اچھی خبر سننے کو ملے گی۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ کچھ اقدامات بورڈ کی منظوری کے بعد کیے جاتے ہیں تاہم اس مرتبہ آئی ایم ایف نے بورڈ کی من ظوری سے قبل جو اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا تھا وہ ہم نے کردیئے ہیں۔ پاکستانی عوام (بقیہ نمبر 5)

پاکستان اور پولینڈ کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت کا آٹھواں دور

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان اور پولینڈ کے درمیان دوطرفہ سیاسی مشاورت کا آٹھواں دور اسلام آباد میں ہوا۔ دفتر خارجہ کی ترجمان کی جانب سے منگل کو جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 6)

10 جون حضرت مخدوم علاوالدین علی احمد کا سالانہ عرس حافظ نگر سہالہ میں انعقاد

تمام مریدین کو شرکت کی دعوت ختم خواجگان کے بعد محفل سماع

راولپنڈی (عبدالرحمٰن سے) تفصیلات کے مطابق سالانہ عرس مبارک حضرت مخدوم علاوالدین علی احمد صابر کلیری بمقام دربار عالیہ حضرت خواجہ حافظ محمد برکت علی چشتی صابری وارثی قادری مغلوی حافظ نگر مغل براستہ سہالہ اسلام آباد مورخہ 10 جون 2023 بروز ہفتہ ختم خواجگان بعد نماز (بقیہ نمبر 7)

نگراں حکومت کو غیر جانبدار ہونا چاہیے، لاہور ہائیکورٹ

یہ تاثر نہیں ملنا چاہیے جیسے عبوری حکومت طاقت میں رہنا چاہتی ہے، نگراں حکومت کو غیر جانبدار رہنا چاہیے

درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ موجودہ نگراں حکومت اپنی مدت پوری کرچکی ہے اور غیر آئینی طور پر کام کررہی ہے

لاہور (خبرنگار) لاہور ہائیکورٹ نے کہا ہے کہ یہ تاثر نہیں ملنا چاہیے جیسے عبوری حکومت طاقت میں رہنا چاہتی ہے، نگراں حکومت کو غیر جانبدار ہونا چاہیے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے شیخ رشید اور زمان وردگ کی نگراں پنجاب حکومت کو ختم کرنے اور نیا عبوری سیٹ اپ (بقیہ نمبر 8)

9 مئی کی بغاوت کو سیاسی احتجاج کا نام دے کر معاف نہیں کیا جاسکتا، رانا ثنا اللہ

پاکستان اور کشمیر دو قالب ضرور ہیں مگر ایک جان ہیں، پاکستان اور کشمیر لازم ملزوم ہیں، کشمیر پاکستان کی شہہ رگ ہے

وزیر داخلہ نے کہا گالم گلوچ فورس کو ٹرینڈ کیا، بغاوت کو انجام تک پہنچانے کیلئے نعرہ دیا کہ چیئرمین پی ٹی آئی ہماری ریڈ لائن ہے

باغ (نمائندہ خصوصی) وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات کا حساب دینا ہوگا، بغاوت اور سرکشی کو سیاسی احتجاج کا نام دے کر معاف نہیں کیا جاسکتا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور کشمیر دو قالب ضرور ہیں مگر ایک جان ہیں، پاکستان (بقیہ نمبر 31)



اسلام آباد: سویلین کی فوجی عدالتوں میں ٹرائل کے خلاف درخواست پر اعتراضات عائد

عدالت کیلئے کے الیکٹرک نجکاری کی گہرائی میں جانا ممکن نہیں، چیف جسٹس

چیف جسٹس کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں کے الیکٹرک نجکاری کے خلاف کیس کی سماعت کی

عدالت نے جماعت اسلامی کی معاملہ متعلقہ فورم پر اٹھانے کی مہلت کی استدعا منظور کرتے ہوئے کے الیکٹرک نجکاری کے خلاف درخواست نمٹادی

اسلام آباد (نامہ نگار) چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ عدالت کے لئے ممکن نہیں کہ کے الیکٹرک نجکاری کی گہرائی میں جائے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں کے الیکٹرک نجکاری کے خلاف کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے جماعت اسلامی کی معاملہ متعلقہ فورم پر اٹھانے کی مہلت کی استدعا منظور کرتے ہوئے کے الیکٹرک نجکاری کے خلاف درخواست نمٹادی۔ چیف جسٹس نے جماعت اسلامی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ عدالت کے لئے ممکن نہیں کہ کے الیکٹرک نجکاری کی گہرائی میں جائے۔ یاد رہے کہ کیس کی گزشتہ سماعت میں چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے تھے کہ معاشی معاملات میں ہمیں مہارت نہیں، لہٰذا اس میں مداخلت نہیں کریں گے، اسی لئے آپ چاہیں تو (بقیہ نمبر 12)

ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: بغاوت پر اکسانے کا کیس: شہباز گل کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

سوشل میڈیا پر اسلحہ کی تشہیر کرنے والا ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد

ملزم نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی ویڈیو بنا کر تشہیر کی اور خوف وہراس پھیلایا

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) صدر بیرونی پولیس کی کاروائی، سوشل میڈیا پر اسلحہ کی تشہیر کرنے والا ملزم گرفتار، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 14)

فیاض الحسن چوہان کے ایک بار پھر تحریک انصاف پر سنگین الزامات

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما فیاض الحسن چوہان نے ایک بار پھر سنگین الزامات عائد کردیئے۔ انہوں نے کہا ہے کہ طے شدہ پالیسی سے آئی ایم ایف سے ہٹایا گیا، معاملات کو طول دیا گیا۔ فیاض الحسن چوہان نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے پاکستان کے ساتھ (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف خطاب کررہے ہیں

وزیر خارجہ بلاول بھٹو کی شیخ عبدالقادر جیلانی کے مزار پر حاضری

وزیر خارجہ، کے لیے شیخ عبدالقادر جیلانی کے مزار کی نئی جالی کو خصوصی طور پر کھولا گیا

بغداد (خبرنگار) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے شیخ عبدالقادر جیلانی کے مزار پر حاضری دی۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو کا شیخ عبدالقادر جیلانی کی درگاہ کے سجادہ نشین شیخ خالد عبدالقادر المنصور الجیلانی نے استقبال کیا اور مزار کے مختلف حصوں کا دورہ کروایا۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے لیے شیخ عبدالقادر جیلانی کے مزار کی نئی جالی کو خصوصی طور پر کھولا گیا۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری نے شیخ عبدالقادر جیلانی کے مزار پر فاتحہ خوانی کی اور چادر رکھی۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو کا شیخ عبدالقادر جیلانی کی درگاہ کے سجادہ نشین شیخ خالد عبدالقادر المنصور الجیلانی نے استقبال کیا اور مزار کے (بقیہ نمبر 18)

معاہدے میں ڈیڈ لاک برقرار، آئی ایم ایف زیادہ سے زیادہ ٹیکسز لگانے پر بضد

اجلاس 14 جون تک شیڈول کردیا گیا ہے اور اسٹاف سطح کا معاہدہ تاحال نہ ہونے کے باعث پاکستان کا معاملہ شیڈول میں شامل نہیں ہے

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان قرض پروگرام کی بحالی پر ڈیڈ لاک برقرار، حکومت 30 جون تک اسٹاف سطح کے معاہدے کے لیے پرامید

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) آئی ایم ایف) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (اور پاکستان کے درمیان آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں ٹیکس وصولیوں کے اہداف سے متعلق تخمینہ جات کے بارے میں اختلافات برقرار ہیں۔ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کا اجلاس 14 جون تک شیڈول کردیا گیا ہے (بقیہ نمبر 19)

خاتون نے ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا کر بہادری کی مثال قائم کردی

آن لائن خرید وفروخت کے بہانے آنے والے ڈکیت نے قیمتی موبائل چھیننے کی کوشش کی

خاتون نے ڈکیت کو دبوچا اور نیچے گرادیا جس کے بعد مسلح ڈکیت موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہوگیا

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) فیصل آباد خاتون نے ڈکیتی کی کوشش ناکام بنا کر بہادری کی مثال قائم کر دی، نڈر خاتون نے ڈاکو کو بھاگنے پر مجبور کردیا۔ یہ واقعہ تھانہ بٹالہ کالونی کے علاقے میں پیش آیا جہاں آن لائن موبائل خریدنے کے بہانے آنے والا شخص ڈاکو نکلا، بہادر خاتون نے جرات مندی کا (بقیہ نمبر 20)

معدے میں موجود بیکٹیریا کے خاتمے کے علاج کیلئے گائیڈ لائنز جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان میں معدے میں پائے جانے والے بیکٹیریا کے خاتمے کے علاج کے لیے گائیڈ لائنز جاری کر دی گئیں۔ بیکٹیریا کے علاج کی گائیڈ لائنز پی جی ایل ڈی ایس اور انفیکشن ڈیزیز سوسائٹی آف پاکستان نے (بقیہ نمبر 22)

وزیر صحت جمال ناصر کے راولپنڈی ہسپتالوں کے اچانک دورے

ڈاکٹر جمال ناصر نے ہولی فیملی، بینظیر بھٹو ہسپتال، ڈی ایچ کیو اور آر آئی یو کا دورہ کیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے ہولی فیملی، بینظیر بھٹو، ڈی ایچ کیو اور راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف یورالوجی کے بغیر پیشگی اطلاع کے دورے کئے اور علاج معالجہ کی سہولیات اور ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر ڈاکٹر جمال ناصر نے اس موقع پر ایکسرے فلمز کی کمی کا بھی نوٹس لیا اور بروز سوموار محکمہ صحت کا ایک ہنگامی اجلاس طلب کیا تاکہ صورت حال کا جائزہ لے کر مسئلہ کو حل کیا جاسکے۔ اس موقع پر سیکرٹری پرائمری اینڈ (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی: صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کررہے ہیں

نگران صوبائی وزیر صحت کی ایف سی کالج میں فارمین انٹرنیشنل کانفرنس آن بزنس اینڈ اینوویشن میں بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور (نیوز رپورٹر) نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے ایف سی کالج میں فارمین انٹرنیشنل کانفرنس آن بزنس اینڈ اینوویشن میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر فیکلٹی ممبران اور بیرون ممالک سے آئے ریسرچرز نے شرکت کی۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید (بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 07 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ (بقیہ نمبر 9)

عیدالاضحیٰ پر سرکاری ملازمین کو 5 چھٹیاں ملنے کا امکان

سرکاری ملازمین کو تنخواہ اور پنشن کی ادائیگی بھی قبل از وقت کی جائے گی

کراچی (نیوز رپورٹر) عیدالاضحیٰ پر سرکاری ملازمین کو 5 چھٹیاں ملنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے 29 جون کو عیدالاضحیٰ ہونے کی پیشگوئی کی ہے، اگر عیدالاضحیٰ 29 جون کو ہوتی ہے تو پھر سرکاری ملازمین کو بدھ 28 جون سے 2 جولائی 2023 تک پانچ چھٹیاں ملنے کا امکان ہے (بقیہ نمبر 10)

سیاسی جماعتوں پر مشکل حالات آتے رہتے، گھبرانے کی ضرورت نہیں، چیف الیکشن کمشنر

ریکارڈ کے حصول کیلئے مختلف ذرائع سے کوشش کررہا ہوں، ریکارڈ کی عدم موجودگی پر اب کیا دلائل دوں؟ وکیل انور منصور

پاکستان میں سیاسی جماعتوں پر مشکل حالات آتے رہتے ہیں، اس پر بہت زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے، سکندر سلطان راجہ

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان میں سیاسی جماعتوں پر مشکل حالات آتے رہتے ہیں، اس پر بہت زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ ضبطگی سے متعلق شوکاز نوٹس پر سماعت کے دوران تحریک انصاف کے وکیل (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: پولیس دیواریں پھلانگ کر لوگوں کو بلاوجہ تنگ نہ کرے: اسلام آباد ہائیکورٹ

جنوبی وزیرستان، تحصیل سرو کئی میں دھماکا، دو افراد جاں بحق

جنوبی وزیرستان (خبرنگار) تحصیل سروکئی میں دھماکا، دو افراد جاں بحق، دھماکے سے سابقہ امن کمیٹی ممبر ولی جان کے بھائی اور خونا جان بھی جاں بحق ہوئے، پولیس کا کہنا ہے کہ مولے خان سرائے بازار میں احمد جان نامی شخص کے گھر اور اسکول کے درمیان بارودی مواد کا دھماکا ہوا ہے (بقیہ نمبر 17)

گوجرانوالہ تا واہنڈو موٹروے انٹرچینج کی تعمیر پر کام شروع

گوجرانوالہ (نیوز رپورٹر) موٹر وے لنک منصوبے کی پیش رفت بارے بے نظیر روڈ کیمپ دفتر میں اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو سہیل اشرف نے کی، اجلاس میں کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی (بقیہ نمبر 25)

پرائیویٹ سکولز منیجمنٹ ایسوسی ایشن کے ایک وفد کا سکستھ روڈ کیمپس کا دورہ

اسوقت پنجاب کے 120 شہروں میں 250 سے زائد برانچز کام کررہی ہیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز منیجمنٹ ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے سپیریئر کالج سکستھ روڈ کیمپس کا دورہ کیا۔ اور ریجنل ڈائریکٹر عامر رفیق صاحب سے (بقیہ نمبر 26)

رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ گرفتار

شہریوں کی جان ومال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) گنجمنڈی پولیس کی اہم کارروائی، رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ گرفتار، چھینے گئے 04 موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ عادل اور کامل شامل ہیں، ملزمان سے چھینے گئے (بقیہ نمبر 24)

پلاسٹک فری معاشرے کے قیام کے لئے مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے، روبینہ خورشید عالم

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی، سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت سنگل یوز پلاسٹک اشیا اور پلاسٹک کی بوتلوں کو مرحلہ وار ختم کرنے کے لئے نئے ضوابط منظور کرکر رہی ہے، یکم اگست 2023 سے ایک (بقیہ نمبر 23)

آڈیو لیکس کمیشن، تین جج پر اعتراض سے متعلق حکومتی درخواست پر فیصلہ محفوظ

کیا حکومت نے معلوم کرنے کی کوشش کی یہ آڈیو کون لیک کررہا ہے؟

جج پر الزامات لگا کر بینچ سے الگ ہونے کا نہیں کہا جاسکتا، چیف جسٹس پاکستان کے ریمارکس

اسلام آباد (خبرنگار) آڈیو لیکس کمیشن، سپریم کورٹ نے تین جج پر اعتراض سے متعلق حکومتی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں مبینہ آڈیو لیکس انکوائری کمیشن کیخلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال کی سربراہی (بقیہ نمبر 28)

سوات شہر اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

سوات (نیوز رپورٹر) سوات، مینگورہ اور گردو نواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے ہی لوگ خوفزدہ ہوگئے۔ زمین لرزنے کے بعد شہریوں نے کلمہ طیبہ کا ورد شروع کیا۔ زلزلہ پیما مرکز کا کہنا ہے کہ زلزلے کی شدت 4 اور گہرائی 125 کلومیٹر تھی، زلزلے کا مرکز پاک افغان تاجکستان کا سرحدی علاقہ تھا (بقیہ نمبر 30)

توہین الیکشن کمیشن کیس، فواد چوہدری کو شوکاز نوٹس جاری

الیکشن کمیشن نے فواد چوہدری کو ذاتی حیثیت میں 15 جون کو پیش ہونے کا حکم دے دیا

گزشتہ سماعت پر الیکشن کمیشن نے فواد چوہدری کو 6 جون کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا تھا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) توہین الیکشن کمیشن کیس، الیکشن کمیشن نے فواد چوہدری کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن میں سابق پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت ہوئی، چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 5 رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ فواد چوہدری کے وکیل فیصل چوہدری الیکشن کمیشن میں پیش نہ ہوئے۔ معاون وکیل نے بتایا کہ فیصل چوہدری سیشن کورٹ میں مصروف ہیں، فیصل چوہدری کے معاون وکیل نے کاز لسٹ الیکشن کمیشن (بقیہ نمبر 29)

کرپشن میں کمی آئی مہنگائی کا زور ٹوٹا، ڈالر کی اڑان جاری ہے، سراج الحق

پاکستان میں حکمرانوں کی نااہلی، بدانتظامی اور ذاتی مفادات کی لڑائی کی وجہ سے ریورس گیئر لگا ہوا ہے

پی ڈی ایم نے اقتدار میں آنے سے قبل جو وعدے کیے تھے کسی ایک پر بھی عمل نہیں ہوا، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خصوصی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ موجودہ اور سابقہ حکمرانوں کا بنیادی نظریہ قرضہ اور کرپشن تک محدود ہے۔ کرپشن میں کمی آئی نہ مہنگائی کا زور ٹوٹا، ڈالر کی اڑان جاری ہے۔ پی ڈی ایم نے اقتدار میں آنے سے قبل جو وعدے کیے تھے کسی ایک پر بھی عمل نہیں ہوا، حکومت نہیں تھی تو مہنگائی کے خلاف جلوس نکالے جاتے تھے، اب مجرمانہ خاموشی اختیار کی ہوئی ہے۔ زمانہ بدل گیا، دنیا ترقی کر رہی ہے اور پاکستان میں حکمرانوں کی نااہلی، بدانتظامی اور ذاتی مفادات کی لڑائی کی وجہ سے ریورس گیئر لگا ہوا ہے۔ ایک طرف مسلح دہشت گردی اور دوسری جانب سیاسی انتہا (بقیہ نمبر 27)

پشاور: ملکی سیاسی صورتحال پر جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوری کا اجلاس طلب

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

یاسین ملک کو پھانسی چڑھانے کی خواہش

کشمیری تارکین وطن کی تمام بین الاقوامی تنظیموں کے اتحاد کشمیر ڈائسپورا کولیشن) کے ڈی سی (نے اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بھارت میں جاری ناانصافیوں کے خاتمے کے ساتھ ساتھ کشمیری رہنما یاسین ملک پر قائم مقدمات ختم کراتے ہوئے انہیں جیل سے فوری رہا کرائیں۔ کے ڈی اے نے بھارتی نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی) این آئی اے (کی طرف سے یاسین ملک کی عمر قید کو سزائے موت میں بدلنے کے لئے دہلی ہائیکورٹ سے رجوع کرنے کی سخت مذمت کرتے ہوئے اِس کوشش کو خود غرضانہ سیاسی مقاصد کے حصول کی بھونڈی کوشش قرار دیا ہے۔ فورم کے بورڈ نے بھارتی حکومت کی طرف سے جموں اینڈ کشمیر لبریشن فرنٹ) جی کے ایل ایف (کے صدر کی تہاڑ جیل میں غیر قانونی قید پر بھی شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ این آئی اے نہ صرف مقبوضہ کشمیر میں اٹھنے والی ہر مزاحمتی آواز کو غیر انسانی طریقے سے دبانے پر عمل پیرا ہے بلکہ اپنے غیر قانونی اقدامات کو قانونی قرار دلوانے کی بھی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ فورم نے قرار دیا کہ قانون کے تحت کام کرنے کے بجائے عدالتوں کی اسٹیبلشمنٹ کے ایما پر سزائیں دینے کی اپنی تاریخ ہے اور 2013 کا مشہور زمانہ افضل گرو کیس اس کی بدترین مثال ہے جس کے بارے میں بھارت کی سب سے بڑی عدالت کے چیف جسٹس نے کہا تھا کہ لوگوں کو مطمئن کرنے اور سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے افضل گرو کی پھانسی میں جلدی کی گئی۔ واضح رہے کہ کشمیر کی آزادی کے لئے پرعزم 56 سالہ رہنما یاسین ملک کو گزشتہ سال مئی میں ایک خصوصی عدالت نے مختلف مقدمات میں مجرم قرار دیتے ہوئے دوبار عمر قید کی سزا سنائی تھی۔ این آئی اے نے جے کے ایل ایف کے صدر پر 2017 میں کشمیر میں دہشت گردی کو بڑھاوا دینے، شدت پسندی کو ہوا دینے اور اس کے لیے کشمیر اور بیرون ممالک سے چندہ جمع کرنے کے علاوہ بھارت مخالف مہم چلانے کے الزامات بھی عائد کیے تھے۔ بھارتی عدالت نے گزشتہ سال انہیں انسداد دہشت گردی ایوائے پی اے اور انڈین پینل کوڈ کی دفعات 120B اور 124A کے تحت دوبار عمر قید کی سزا سنانے کے ساتھ ساتھ ان پر 10 لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کر دیا تھا۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ کشمیری رہنما اپنے اوپر لگائے گئے الزامات سے کئی سال پہلے سے بھارتی جیلوں میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں۔ یاسین ملک نے عدالت کے سامنے کہا تھا کہ وہ عدالت سے رعایت کی بھیک نہیں مانگیں گے، اگر آزادی اور انصاف کی جدوجہد جرم ہے تو وہ مجرم ہیں اور عدالت جو فیصلہ دے گی وہ انہیں منظور ہوگا، بس ان کے چند سوالوں کا جواب ضرور دیا جائے تاہم انہیں سوالات پوچھنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے مزید کہا تھا کہ وہ اپنے دفاع میں صرف اتنا کہیں گے کہ انہوں نے لبریشن فرنٹ نامی تنظیم کے سربراہ کی حیثیت سے 1994 میں مسلح جدوجہد ترک کر کے گاندھی جی کا راستہ اختیار کیا، کشمیر کی آزادی کے لیے پرامن جدوجہد کا آغاز کیا جسے دنیا بھر میں سراہا گیا، اگر وہ دہشت گرد ہوتے تو بھارت کے سابق سیاسی رہنما من موہن سنگھ اور اٹل بہاری واجپائی ان سے ملاقاتیں کرتے اور نہ ہی بھارت سے باہر جانے کے لیے انہیں سفری دستاویزات فراہم کی جاتیں۔

کشمیر میں 1987 کے اسمبلی انتخابات کے دوران نوجوان یاسین ملک محمد یوسف شاہ المعروف صلاح الدین کے پولنگ ایجنٹ تھے جو مسلم متحدہ محاذ کے امیدوار کے طور پر انتخاب میں حصہ لے رہے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ اِن انتخابات میں بڑے پیمانے پر دھاندلیاں ہوئیں اور نیشنل کانفرنس کو کامیاب قرار دیا گیا جس کے بعد کشمیر میں بڑے پیمانے پر تناؤ پیدا ہوا۔ یاسین ملک اِس کے بعد حزب المجاہدین اور پھر متحدہ جہاد کونسل کے سربراہ بنے۔ بعدازاں لبریشن فرنٹ نامی تنظیم کے چیف کمانڈر رہے تاہم 1994 میں انہوں نے ہتھیار ڈال کر سیاسی جدوجہد کا آغاز کر دیا۔ انہوں نے آزادی کا سفر نامی مہم کے دوران 15 لاکھ سے بھی زائد کشمیریوں کے دستخط حاصل کیے اور انہیں بھارت کے اعلیٰ عہدیداروں اور مختلف سفارت خانوں کو پیش کیا۔

یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے اپنے شوہر کی سزا کے فیصلے کو انصاف کا قتل قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ یہ ناقابل قبول ہے اور کشمیری ہار نہیں مانیں گے، اِس فیصلے کے خلاف عالمی عدالت انصاف سے رجوع کیا جائے گا۔ مشعال ملک نے یہ دعویٰ بھی کیا تھا کہ بھارتی حکومت کی قید میں یاسین ملک کی جان کو خطرہ ہے کیونکہ درجنوں کشمیری رہنماں کو پہلے بھی تشدد سے ہلاک کیا جا چکا ہے یا پھر انہیں موت کی سزا سنا دی گئی ہے۔ پاکستانی سینیٹ اور قومی اسمبلی نے نہ صرف یاسین ملک کی سزا کی سخت الفاظ میں مذمت کی بلکہ اِس کے خلاف متفقہ قراردادیں بھی منظور کی تھیں جن میں کہا گیا تھا کہ بھارت نے جھوٹے مقدمے میں یاسین ملک کو سزا دے کر نہ صرف عالمی انسانی حقوق بلکہ بین الاقوامی شہری اور سیاسی حقوق کی بھی خلاف ورزی کی ہے۔ قراردادوں میں یہ بھی کہا گیا تھا بھارتی حکومت کشمیریوں کو ان کی حقیقی لیڈرشپ سے محروم کرنا چاہتی ہے جس کی شدید الفاظ میں مذمت کی جاتی ہے اور عالمی برادری سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ یاسین ملک کے خلاف جاری کارروائیوں کو فوری طور پر رکوائے اور بھارتی حکومت پر زور دے کہ وہ انہیں بیوی مشعال ملک اور کم سن بیٹی سے بھی ملاقات کرنے دے۔ یہ بھی کہا گیا تھا کہ صرف یاسین ملک ہی نہیں بلکہ عالمی برادری بھارت پر زور دے کہ استصواب رائے کے لیے پرامن جدوجہد کرنے والے تمام کشمیری رہنماں پر قائم جھوٹے مقدمات ختم کر کے انہیں رہا کرے۔ این آئی اے کا دہلی ہائیکورٹ سے رجوع واضح اشارہ ہے کہ بھارت سالہا سال سے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنے والے یاسین ملک کو موت کے گھاٹ اتار کر پرامن اور توانا آواز کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند کرنا چاہتا ہے۔ ہر ذی شعور شخص میں بھارتی مذموم خواہش پر شدید اضطراب پایا جاتا ہے، عالمی برادری خصوصاً تمام انسانی، شہری اور سیاسی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں کے علاوہ اقوام متحدہ کو بھی ایسے اقدامات کرنا ہوں گے۔

سلاد کا ہفتہ

کھلی بات

پروفیسر ڈاکٹر صائمہ جبین مہک
jdrsaaima@gmail.com
پروفیسر صائمہ جبین مہک

یہ بات تو ہم روزمرہ زندگی میں سنتے ہیں کہ سبزیاں صحت کے لیے اچھی ہوتی ہیں۔ مگر ہمارے سننے اور عمل کرنے میں اچھا خاصا فرق ہے۔ ہمارا عمل اس وقت شروع ہوتا ہے جب مرض لاعلاج ہو چکا ہو اور ڈاکٹرز کہہ دیں بس دعا کریں۔ ہمارے ہاں ایک اور بہت بڑا المیہ یہ بھی ہے کہ لوگوں میں یہ شعور نہیں کہ وہ باقاعدہ بنیادوں پر ماہرین غذائیت سے جا کر ملاقات کریں اور اپنی عمر کے مطابق اپنی غذا کا چارٹ مرتب کروائیں۔ یہ مضمون پایہ تکمیل تک پہنچانے سے پہلے میں یہ بات واضح کرنا چاہتی ہوں کہ میرا میڈیکل فیلڈ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی میں پیشے کے اعتبار سے ماہر غذائیت ہوں بلکہ ایک سماجی کارکن کی حیثیت سے یہ آرٹیکل عام لوگوں کی معلومات کے لیے لکھا گیا ہے۔ کچھ مزاح کا رنگ دیتے ہوئے مجھے "میں" کی جگہ "ہم" کا صیغہ استعمال کرنے میں زیادہ راحت محسوس ہوتی ہے۔ امید ہے اہل علم و دانش کو یہ بات زیادہ تعجب میں نہیں ڈالے گی۔ سبزیوں کے بنیادی فوائد کو لے کر ہم نے بہت تحقیق کی اور اپنی صحت کی ناگزیر وجوہات کی بنا پر ہمیں بھی بادل ناخواستہ کئی طبی ماہرین کی رائے لینا پڑی۔ سب کو ایک ہی بات پر متفق پایا کہ روزمرہ زندگی میں سبزیوں کو پکانے کے علاوہ بطور سلاد بھی شامل کیا جائے۔ اور ہمارے پاس ایک ہی پرتکلف سا جواب ہوتا ہے کبھی کبھی سلاد کو بطور ذائقہ تناول کر لیا جاتا ہے۔ مگر الحمدللہ ایک خصلت خدا نے اچھی بخشی کہ چیز یا مقام کوئی بھی ہو جستجو کے سفر کا آغاز ہو جاتا ہے پھر تحقیقی مقالہ یا تو نثر کی صورت وارد ہوتا ہے یا نظم کی صورت۔ جب معاملہ اور سنجیدہ ہو جائے تو اخباری کالم کی صورت اختیار کر جاتا ہے۔ یہ تو اربابِ اختیار کا شکریہ جو اس ناچیز کے کالم کو اپنے اخبارات کے صفحات میں جگہ دے دیتے ہیں اور ہمارے دل سے نکلی بات سوچ کے آئینوں سے چھلکتی ہوئی عوام الناس کی جھلکیوں میں آ جاتی ہے۔ تو بات ہو رہی تھی سبزیوں کی۔ طبی ماہرین کے بعد اپنی جستجو کی راحت کا سامان پیدا کرنے کے لیے گوگل کے دروازے پر دستک دی۔ نہ صرف صحت سے متعلق تمام بلاگز پڑھ ڈالے بلکہ یوٹیوب، فیس بک کے چینلز پر اپ لوڈ ماہرین غذائیت کی ویڈیوز دیکھ دیکھ کر ان کی ماہانہ آمدن میں بھی اضافے کا باعث بنے کیونکہ ہر ویڈیو دیکھنے کے بعد فلاح و بہبود کے جذبے سے تمام دوست احباب کو بھی بھیج دیتے تاکہ وہ بھی اپنی صحت کو لے کر فکرمند ہو جائیں۔ خیر اس کارِ خیر کا آغاز ہمارے اپنے گھر سے ہوا اور جیسے سردی گرمی کے لحاظ سے گاجر، مولی، چقندر، پیاز، ٹماٹر، کھیرا، شملہ مرچ تو

محاسبہ

سندیسہ
Sajal Malik
sajalmalik023@gmail.com
تحریر: سجل ملک اسلام آباد

کوفہ ایک بار پھر فتح ہوا، معصوم ابن زبیر تخت پر براجمان ہوا۔ اس کے سامنے مختار ثقفی کا سر کاٹ کر لایا گیا۔ اس نے فرمان جاری کیا جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا، دربار میں بیٹھا ایک بوڑھا مسکرا دیا۔ معصب نے دریافت کیا کیوں ہنستا ہے بڈھے۔ بوڑھے نے کہا ماضی یاد آ گیا، حال سامنے ہے، مستقبل ادھا دیکھائی دے رہا ہے۔ معصب نے کہا تفصیل سے بتایا جائے۔

بوڑھے نے بتانا شروع کیا کہ یہی دربار تھا عبداللہ ابن زیاد تخت پر بیٹھا تھا۔ حسین ابن علی کا سر لایا گیا، ابن زیاد نے کہا جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا۔ ہم نے جشن منایا۔ ایک بار پھر یہی دربار ہے، مختار ثقفی کا سر تیرے تخت کے نیچے پڑا ہے یہ اسی تخت پہ بیٹھا تھا ابن زیاد کا سر کاٹ کے لایا گیا، مختار ثقفی نے فرمان جاری کیا جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا اور ہم نے جشن منایا۔ آج وہی دربار ہے تو تخت نشین ہے مختار ثقفی کا سر کاٹ کر لایا گیا ہے اور تیرا حکم ہے کہ جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا۔ ہم آج بھی جشن منائے گے۔ کل بھی یہی دربار ہوگا یہ تو نہیں جانتا کہ تخت پر کون ہوگا لیکن اتنا پتہ ہے کہ سر تیرا ہوگا اور فرمان جاری کیا جائے گا کہ جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا اور ہم جشن منائے گے۔

بوڑھے کی پشین گوئی کے عین مطابق کوفہ کے دربار میں عبدالملک بن مروان کے سامنے معصب بن زبیر کا سر پیش کیا گیا اور اس نے جشن منانے کا حکم دیا۔

کسی نے بوڑھے کی بات کا عبدالملک بن مروان کو ذکر کیا تو عبدالملک بن مروان نے فوراً دربار کی عمارت کو گرانے اور دربار کوفہ کو کسی آور علاقے میں تعمیر کرنے کا حکم دیا۔

مجھے سیاست کی سمجھ تو نہیں ہے اور نہ مجھے یہ پتہ ہے کہ سیاسی ایوانوں میں کیا ہوتا ہے؟

عدلیہ کے فیصلے کس طرح ہوتے ہیں اسٹیبلشمنٹ کا کیا کردار ہوتا ہے؟ یہ سب مجھے نہیں پتہ، ہاں یہ یاد ہے کہ بھٹو گیا اور ضیا آیا ہم نے جشن منایا۔ ضیا الحق کا جہاز تباہ ہوا تو ہم نے جشن منایا۔ بینظیر کی حکومت ختم ہوئی ہم نے جشن منایا نواز شریف کی حکومت کا تختہ الٹا ہم نے جشن منایا مشرف آیا اور نواز شریف اور بینظیر دونوں کو جلا وطن کیا گیا تو ہم نے جشن منایا۔ پھر دونوں واپس آئے ہم نے جشن منایا۔ گیلانی کی حکومت ختم ہوئی ہم نے جشن منایا، نواز کی پھر حکومت ختم ہوئی ہم نے جشن منایا، اب ایک بار پھر ہم جشن منا رہے ہیں اب اگلا جشن بھی ہوگا سب کو معلوم ہے اگلی بار سر کس کا ہوگا یہ پتہ نہیں۔

تو کہنا میں یہ چاہتی ہوں کہ ہم بحیثیت ایک قوم ہمارا تعلق چاہے کسی بھی سیاسی جماعت سے ہو کیا صرف جشن مناتے رہیں گے؟

کیا ہم میں سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ہے؟ اگر ہے تو پھر ہم سوچتے کیوں نہیں۔

کیا صرف اندھی تقلید ہی ہی ہمارا مقدر ہے؟

ہمارا تو یہ حال ہے کہ ہمیں چور اور کرپشن پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ بس چور اور کرپٹ ہماری مرضی کا ہونا چاہیے۔

میرا خیال ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ یہ قوم بھی اب کسی عبدالملک کو تلاش کریں جو اس عمارت کو گرا کر کسی نئی عمارت کا حکم دے۔

ہمارے ملک میں کوئی بھی مرتا ہے یا کوئی نیا تخت نشین ہوتا ہے یا کوئی تخت سے گرایا جاتا ہے تو ہمارا کام صرف اور صرف جشن منانا رہ گیا ہے۔

تو آج ہمیں تاریخ کا مطالعہ کرنا پڑے گا تاکہ ہم سمجھ سکے کہ جشن منانے والے ہمیشہ نقصان میں رہتے ہیں۔ ہمیں اس عمارت کو گرا کر نئی عمارت بنانا ہوگی تاکہ پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے۔

ہم میں سے ہر ایک کو اپنا محاسبہ کرنا ہوگا، انسانوں کی یہ بستی جو اب ڈارونا جنگل بنتی جا رہی ہے اس میں جشن منانے کی بجائے ان وحشیوں کو جو دوسروں کا خون پیتے ہیں، گوشت کھاتے اور ہڈیاں چباتے ہیں اور برتری اور فوقیت کے مکانوں پر بیٹھ کر انسانیت کا شکار کر رہیں ہیں تو اب وقت آ گیا ہے کہ یہ نہ اوپر چڑھیں اور نہ نیچے آئیں بلکہ ایک دوسرے سے نگاہیں ملا کر بات کریں کیونکہ اگر بلندی و پستی کا یہ فتنہ قائم رہا تو ادمیت اپنا گوشت خود ہی نوچ نوچ کر کھا جائے گی۔ کل ملک اسلام آباد ایک بار پھر فتح ہوا، معصوم ابن زبیر تخت پر براجمان ہوا۔ اس کے سامنے مختار ثقفی کا سر کاٹ کر لایا گیا۔ اس نے فرمان جاری کیا جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا، دربار میں بیٹھا ایک بوڑھا مسکرا دیا۔ معصب نے دریافت کیا کیوں ہنستا ہے بڈھے۔ بوڑھے نے کہا ماضی یاد آ گیا، حال سامنے ہے، مستقبل ادھا دیکھائی دے رہا ہے۔ معصب نے کہا تفصیل سے بتایا جائے۔ بوڑھے نے بتانا شروع کیا کہ یہی دربار تھا عبداللہ ابن زیاد تخت پر بیٹھا تھا۔ حسین ابن علی کا سر لایا گیا، ابن زیاد نے کہا جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا۔ ہم نے جشن منایا۔ ایک بار پھر یہی دربار ہے، مختار ثقفی کا سر تیرے تخت کے نیچے پڑا ہے یہ اسی تخت پہ بیٹھا تھا ابن زیاد کا سر کاٹ کے لایا گیا، مختار ثقفی نے فرمان جاری کیا جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا اور ہم نے جشن منایا۔ آج وہی دربار ہے تو تخت نشین ہے مختار ثقفی کا سر کاٹ کر لایا گیا ہے اور تیرا حکم ہے کہ جشن مناؤ دشمن اسلام مارا گیا۔ ہم آج بھی جشن منائے گے۔ کل بھی یہی دربار ہوگا لیکن اتنا پتہ ہے کہ سر تیرا ہوگا اور فرمان جاری کیا جائے گا۔

معاشی کشتی کو کنارے لگانے کا عزم

پرواز

راؤ محمد طاہر
raotahirisb@gmail.com
تحریر - راطاہر

ملک میں اس وقت سیاست اور معیشت دو ہی بڑے مسئلے ہیں اور دونوں کی حالت انتہائی ابتر ہوتی جا رہی ہے جب تک یہ دونوں مسائل حل نہیں ہوں گے ملک کی سمت درست نہیں ہوگی۔ ملکی سطح پر سیاسی محاذ آرائی کے اثرات تباہ کن ثابت ہو رہے ہیں اسحاق ڈار کی سر توڑ کوششوں کے باوجود ڈالر مزید نیچے آنے سے انکاری ہے۔ حکومت کی سر توڑ کوشش اور تمام تر شرائط کو تسلیم کرنے کے باوجود پاکستان اور آئی ایم ایف سٹاف لیول معاہدہ کرنے میں ناکام ہو گئے ہیں۔ اعتماد کے فقدان کی وجہ سے آئی ایم ایف پاکستان پر اندھا اعتماد کرنے کو تیار نہیں۔

زرمبادلہ کے ذخائر مسلسل گر رہے ہیں۔ بجلی اور گیس کی قیمتوں نے عوام کی چیخیں نکلوا دی ہیں' مہنگائی نے اچھے اچھے سفید پوشوں کے بھرم کھول کر رکھ دیئے ہیں۔ دنیا کے اقتصادی حالات اور سیلاب کے نقصانات نے انڈسٹری کو ہلا کر رکھ دیا ہے 'بڑی تعداد میں مزدوروں کو بے روزگاری کا سامنا ہے۔ قتصادی ماہرین کا کہنا ہے کہ ملک میں جاری سیاسی ختم ہوگا تو معاشی بحران قابو میں آئے گا۔ معاشی معاملات کو بہتر کرنے کے لئے بات چیت ضروری ہے۔ کورونا کی جان لیوا وبا کے بعد ایک ہی سانس میں روس یوکرین جنگ کے اثرات نے جس طرح ساری دنیا کو کساد بازاری کی لپیٹ میں لیا، اس سے امریکہ جیسا ملک بھی دیوالیہ ہونے سے بمشکل بچ سکا ہے۔ معاشی طور پر مضبوط ممالک اپنے لچکدار نظام کی بدولت خود محفوظ رہے لیکن اس کا اثر ترقی پذیر اور غریب ممالک پر پڑا۔ پاکستان جو پہلے ہی بیرونی قرضوں کے غیر معمولی بوجھ تلے دبا ہوا ہے اور گذشتہ برس کی طویل اور موسلا دھار بارشوں، سیلابوں اور معیشت بچانے کیلئے آئی ایم ایف سے قرضے کے حصول کی سخت ترین شرائط سے دوچار ہوا، روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر دوگنا زیادہ ہو جانے سے اس کے غیر قانونی کاروبار نے جلتی پر تیل کا کام کیا۔ تجارتی عدم توازن اور ترسیلات زر میں کمی کا عنصر زرمبادلہ کے قومی ذخائر پر اثرانداز ہوا، اور معیشت دیوالیہ ہونے کی نہج پر آ گئی۔ اب 30 جون کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے معاشی اشاریے حسب سابق باعث تشویش اور مالی سال 2023-24 کے بجٹ کی تیاری میں نئی مشکلات لے کر آئے ہیں، ٹیکس وصولیوں میں 430 ارب روپے کی کمی اس سال بھی ایف بی آر کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان بن کر ابھری ہے جس کے تحت ہر سال پیدا ہونے والا بجٹ خسارہ ایک ایسا منحوس چکر بنا ہوا ہے جس کی وجہ سے ملک پر غیر ملکی قرضوں کا بوجھ بڑھتے بڑھتے 54 ہزار ارب روپے سے متجاوز ہو چکا ہے۔ آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ پیکیج کے حصول کی خاطر مالی سال 2022-23 جو ریکارڈ مہنگائی لے کر آیا، اس میں عام اور غریب طبقے کی قربانی بھی کام نہ آ سکی۔

پاکستانی معیشت کو بحران سے نکالنے کیلئے بہت بڑے پیمانے پر مالی وسائل درکار ہیں۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اس حوالے سے بنیادی اہمیت کا حامل ادارہ ہے۔ دوسرے مالیاتی اداروں اور ممالک کا تعاون اس کی ضمانت کے بغیر نہیں ملتا۔ پچھلی حکومت نے اپنے آخری دنوں میں آئی ایم ایف کی شرائط کی کھلی خلاف ورزی کر کے پاکستان کو دیوالیہ ہونے کے خطرے سے دوچار کر دیا۔ ملک کو درپیش سنگین معاشی صورت حال سے نکالنے کے لئے موجودہ حکومت کے پاس آئی ایم ایف کی مزید سخت شرائط ماننے کے سوا کوئی چارہ نہیں جن کا مقصد پاکستان معاشی بحران سے نکالنا اور ملکی وسائل میں اضافہ کرنا ہے۔ شہباز شریف کہتا ہے کہ آئی ایم ایف کی پیشگی شرائط پوری کر دی ہیں 'امید ہے رواں ماہ اس کے ساتھ حتمی معاہدہ ہو جائے گا۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ مذاکرات ناکام ہونے کی صورت میں ہنگامی منصوبے کے حوالے سے وزیراعظم کا پاکستانی قوم کے عزم اور استقامت پر زور دیتے ہوئے کہنا تھا کہ پاکستان کے عوام نے ماضی میں چیلنجز کا سامنا کیا ہے اور اگر ضرورت پڑی تو ہم اپنی کمر کس لیں گے اور کھڑے ہوں گے۔

قوم کی بھی یہ دلی خواہش اور آرزو ہے کہ ہم اپنی محنت 'ہمت 'بہترین منصوبہ بندی اور وسائل سے بھرپور استعفادہ کر کے دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں سر اٹھا کر کھڑے ہوں اور اپنے روایتی) کشکول گدائی (کو توڑ کر اپنے قدرتی اور انسانی وسائل کو بروئے کار لا کر جلد خود کفالت کی منزل حاصل کریں جو خود داری اور خود مختاری کی ہمیشہ سے ہی ضامن ہوتی ہے لیکن ملک میں جاری سیاسی بحران اور عدم استحکام وفاقی حکومت کی ملکی معیشت کی بحالی کے لئے کی جانے والی کوششوں کو نقصان پہنچا رہا ہے جبکہ قوم یہ توقع لگائے بیٹھی ہے کہ نہ جانے کب ہمارے حکمرانوں اور سیاست دانوں میں یہ احساس پیدا ہو جائے کہ وہ اپنے باہمی اختلافات کو ختم کر کے ملک کو بحرانوں سے نکالنے اور شاہراہ ترقی پر گامزن کرنے کے لئے متحد ہو جائیں مگر سیاست دانوں سے وابستہ ان کی یہ توقع پوری ہوتی دکھائی نہیں دیتی۔

رض پاک جس نازل صورت حال سے دوچار ہے اس سے نکلنے کے لئے سخت ترین فیصلے اور ان پر سختی سے کاربند ہو کر ہی ملک کو اقتصادی مشکلات سے نکالا جا سکتا ہے۔ پاکستان کے لئے قرض کی رقم سے زیادہ قرض پروگرام کی بحالی اہم ترین ہے اس پروگرام کی بحالی سے پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے درمیان اعتماد بحال ہوگا تو پاکستان اور اس کے دوست ممالک کے درمیان مالیاتی تعلقات بھی بحال ہو جائیں گے اور وہ پاکستان کی امداد کے وعدے پورے کریں گے۔

پاکستان کو تاریخ کے سنگین ترین معاشی بحران سے نکالنے کے لئے آئی ایم ایف کے مطالبات پر حکومت اس وقت جو بھی فیصلے کر رہی ہے اگرچہ وہ سب ناگزیر ہیں مگر حکومتی اقدامات کے نتیجے میں امیر اور غریب کے درمیان جو تقسیم مزید گہری ہوئی ہے، اسے کم کرنے کے لئے حکومت کو روزمرہ اخراجات میں کمی کر کے کچھ اصلاحات کرنی چاہئیں، سادگی اپنانے کی تحریک چلانے کی ضرورت ہے، سرکاری دفاتر کو اس حوالے سے اہم کردار ادا کرنا چاہئے۔ تمام محکموں کے سربراہ خود بھی اس پر عمل کریں اور دیگر کو بھی اس کی تحریک دیں۔ اس وقت سب سے بڑا مسئلہ ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچانے اور ملکی معیشت کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کا ہے یہ سب ایک سیاسی حکومت ہی کر سکتی ہے۔

حکومت پاکستان ملک کو معاشی طور پر اپنے قدموں پر کھڑا کرنے کے لئے خود انحصاری کی جانب قدم بڑھائے۔ عوام کو مسلسل قربانی کا بکرا بنانے کے بجائے حکومتی اخراجات کو کم کیا جائے اور چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے کی عادت ڈالی جائے اور ان ڈائریکٹ ٹیکسز کی بجائے ڈائریکٹ ٹیکسوں کے حصول کو یقینی بنایا جائے۔ پاکستان قدرتی وسائل سے بھرپور ملک ہے ان وسائل کو ملک و قوم کی ترقی کے لئے بروئے کار لایا جائے تو پاکستان بہت جلد خود انحصاری کی جانب گامزن ہو سکتا ہے۔ ملک کو معاشی طور پر اپنے قدموں پر کھڑا کرنے کے لئے اب دو فیصد اشرافیہ کو سچے دل سے ایثار و قربانی کا مظاہرہ کرنا ہوگا تبھی یہ کشتی منجدھار سے نکل کر کنارے پر لگے گی۔

یاد رکھنے کی بات یہ بھی ہے کہ جب قومیں ایک مخصوص رستہ اختیار کر لیتی ہیں تو اسی حوالے سے ان کی قسمت کا فیصلہ ہوتا ہے۔ حکمرانی، جسے خدمت سمجھا جانا چاہئے، بھی خدا کی طرف سے عطا ہوتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت کے ساتھ باقی اداروں بلکہ ہر محکمے کو بھی ایک پیج پر ہونا پڑے گا اور اس کا اظہار زبانی نہیں عملاً نظر آنا چاہئے، ہر فرد کو اپنی بہترین صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے ملکی ترقی میں حصہ لینا چاہئے۔ یہ عمل ہی سیاسی استحکام کا باعث بنے گا۔ بلا شبہ جمہوری حکومت عوام کی 'عوام کے لئے اور عوام کے ذریعے ہوتی ہے لیکن اس کا عملی اظہار بھی ہونا چاہیے۔ بے پناہ وسائل کے حامل اس ملک کو خلوص نیت 'ایمانداری اور دیانت داری سے چلایا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ ملک و قوم ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن نہ ہو سکیں

SHOWBIZ شوبز

اشنا شاہ نے خواتین کو تعلقات بارے قیمتی مشورہ دیدیا

کوئی بھی آدمی جو آپ کے سامنے بدتمیزی کرتا ہے وہ اچھا آدمی نہیں ہے، اداکارہ

لاہور (یواین پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اشنا شاہ ہمیشہ کھل کر اپنی رائے کا اظہار کرتی ہیں، حال ہی میں اشنا شاہ نے خواتین کو تعلقات کے بارے میں قیمتی مشورہ دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی مرد کسی لڑکی کو خاص محسوس کروانے کے لئے دوسری عورت کو نیچا دکھا رہا ہے تو آپ اس مرد سے دور بھاگیں۔ حال ہی میں اداکارہ نے اپنے دیئے گئے ایک انٹرویو میں کہا کہ انہوں نے شادی سے پہلے تک مردوں سے گریز کیا ہے۔ معروف اداکارہ اشنا شاہ نے مزید کہا ہے کہ کوئی بھی آدمی جو آپ کے سامنے بدتمیزی کرتا ہے۔

اداکار شمعون عباسی نے مزید پاکستان مخالف کردار لینے سے انکار کر دیا

اتنے منفی کردار کیے ہیں کہ اب بعض اداروں سے بھی فون آنے لگے ہیں

لاہور (شوبز نیوز) اداکار شمعون عباسی نے کہا ہے کہ اب پاکستان مخالف کردار کر کر کے تھک چکا ہوں، فلم سازوں اور پروڈیوسرز سے درخواست ہے کہ اب پاکستان مخالف کردار نہ دیے جائیں۔ ایک انٹرویو کے دوران گفتگو کرتے ہوئے اداکار شمعون عباسی نے کہا کہ اتنے منفی کردار کیے ہیں کہ اب بعض اداروں سے بھی فون آنے لگے ہیں، بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو پر بنائی گئی میری فلم "ڈھائی چال" کی شوٹنگ مکمل ہو چکی ہے، اب ریلیز کا انتظار ہے، فلم کچھ اداروں کی اجازت کے بعد ریلیز کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ معروف گلوکار عاطف اسلم اور اداکارہ نیلم منیر کو میں نے متعارف کروایا تھا جبکہ ہمایوں سعید کی کامیابی میں بھی میرا کردار رہا ہے، اداکارہ میرا کوئی ڈرامے بازی نہیں کرتیں، وہ جیسی ہیں ویسی ہی باتیں کرتی ہیں، ان سے متعلق بعض لوگ غلط باتیں پھیلاتے ہیں۔

مجھے میری آنکھوں پر یقین نہیں آ رہا': شاہ رخ خان کا ہمشکل وائرل

حالیہ برسوں میں شاہ خان سے مشابہت رکھنے والی کئی فنکار سامنے آ چکے ہیں



ممبئی (شوبز نیوز) بھارت میں بالی وڈ اسٹار شاہ رخ خان کے چاہنے والوں کی کوئی کمی نہیں بلکہ ان کے کچھ مداح تو اداکار سے اتنے متاثر ہیں کہ ان کی چال ڈھال اور وضع قطع کو بھی ہو بہو اپنا لیتے ہیں۔ حالیہ برسوں میں شاہ خان سے مشابہت رکھنے والی کئی فنکار سامنے آ چکے ہیں جنہیں بالی وڈ کے بادشاہ سے مشابہت کی وجہ سے لوگوں نے پیار دیا۔ اب بھارت میں ایک اور شخص سامنے آیا ہے جو شکل وصورت اور حرکات وسکنات میں شاہ رخ خان سے کافی مماثلت رکھتا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے اس شخص کا نام سورج کمار ہے۔

کینسر کا علاج بیماری سے زیادہ تکلیف دہ ہے، سونالی بیندرے

میرا کینسر کو شکست دینا اور دوبارہ صحت مند زندگی کی طرف لوٹنا کسی معجزے سے کم نہیں

ممبئی (یواین پی) کینسر کو شکست دینے والی بالی ووڈ اداکارہ سونالی بیندرے نے کہا ہے کہ سرطان کی بیماری سے زیادہ اُس کا علاج خطرناک ہے۔ تفصیلات کے مطابق کینسر کی خطرناک بیماری کو شکست دینے والی بالی ووڈ اداکارہ کا کہنا تھا کہ "جب مجھے اپنی بیماری کا معلوم ہوا تو بہت زیادہ پریشانی ہوئی اور ایسا محسوس ہوا کہ زندگی ختم ہو گئی مگر مجھے دوستوں اور عزیزوں نے شکست تسلیم نہ کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے حوصلہ افزائی کی"۔ اُن کا کہنا تھا کہ میرا کینسر کو شکست دینا اور دوبارہ صحت مند زندگی کی طرف لوٹنا کسی معجزے سے کم نہیں کیونکہ دور

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 07 جون 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 07 جون 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 14:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، اپر ٹوپہ، چترپاڑہ، ٹی ڈی سی پی فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، ایف ای سی ایچ ایس، سواں گارڈن۔ I، پی ڈبلیو ڈی۔ I، این پی ایف۔ I، ڈاکٹر ٹاؤن، کوہالہ، مورت فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، عزیز آباد، نوگزی، بھیلار F-17/1&2، سید پور روڈ، چاکرہ فیڈرز، چکوال سرکل، دولتالہ، آدمی، ڈیرہ مسلم، فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا 13:00 بجے تک، اٹک سرکل، ہرو، غوری فیڈرز، صبح 06:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک بیروٹ گالہ، دربار مائی ٹوٹی، کھوئی رتہ سٹی، چوہی ایکسپریس، دانہ بھل، چوہی ڈوگلی، سری سٹی، کریالہ، جنڈروت دیسی، ڈٹوٹ، مجاجن، سٹی۔ II، چوہی فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

اعتراضات ختم ہونے کے بعد دیکھ لیں گے، جج کو توہین عدالت کی درخواست میں فریق نہیں بنایا جاسکتا، اٹارنی جنرل صاحب، چیف جسٹس پر الزامات لگا کر بنچ سے الگ ہونے کا نہیں کہا جا سکتا، چیف جسٹس یا بنچ پر الزامات لگا کر اختیارات کم نہیں کیے جاسکتے، چیف جسٹس صرف غیر موجودگی میں اپنا قائم مقام مقرر کرتا ہے۔ اٹارنی جنرل کا کہنا تھا کہ ہماری درخواست کے پہلے حصے میں بنچ پر اعتراض اٹھایا گیا ہے، بنچ کی تشکیل پر حکومت نے اعتراض اٹھایا ہے، انکوائری کمیشن کی تشکیل کے خلاف کیس سننے والے بنچ پر اعتراض ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کیسے مفروضے پر بات کرسکتے ہیں کہ کیس میں چیف جسٹس سمیت 2 ججز کا مفاد وابستہ ہے؟ ایگزیکٹو سپریم کورٹ کے اختیارات میں مداخلت نہ کرے، انکوائری کمیشن بنانے سے قبل ہم سے پوچھا تک نہیں گیا، محض الزامات کی بنیاد پر ججز پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔ اس دوران اٹارنی جنرل نے ججز کے ذاتی مفاد سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلوں کا حوالہ دیا۔

بقیہ 2

سے گفتگو بھی ہوئی ہے۔ امین الحق نے کہا کہ اہلیان کراچی کو کیا الیکٹرک سے اوور بلنگ، لوڈشیڈنگ سے متعلق بے شمار شکایات ہیں، کراچی کے نمائندے ہونے کی حیثیت سے ہم کے الیکٹرک کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کے الیکٹرک معاہدے کی تجدید میں کراچی کے شہریوں کے تحفظات کو اہمیت دی جانی چاہیئے، جون جولائی کی شدید گرمی اور مون سون میں بجلی کی فراہمی میں مسائل ہوسکتے ہیں، کے الیکٹرک کو پابند کیا جائے کہ وہ موسم کی سختیوں کے حوالے سے پیشگی اقدامات کرے، اگر صارفین کو حقوق کا تحفظ اور انھیں مطلوبہ سہولیات نہ ملیں تو بے چینی فطری ہے۔ چیئرمین پیپرا توصیف فاروقی نے کہا کہ پیپرا ایک ریگولیٹر کی حیثیت سے صارفین کے حقوق کے تحفظ کی امانتدار ہے، کوشش ہوگی کہ مسائل اور تحفظات کو اس کی روح کے مطابق حل کیا جائے۔

بقیہ 3

ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ موجودہ حکومت نے جب اقتدار سنبھالا تو مشکل صورتحال کا سامنا تھا، 4 سال میں عمران خان کی صورت میں ناکام پراجیکٹ کے تجربہ سے پاکستان کی معاشی صورتحال گھمبیر ہوئی، دو کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے، 60 لاکھ سے زائد لوگ بے روزگار ہوئے، مہنگائی میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا، کرسی سے رخصتی کو یقینی دیکھتے ہوئے جاتے جاتے انہوں نے آئی ایم ایف کے ساتھ پروگرام سے روگردانی کی جس نے ملک کو معاشی طور پر دیوالیہ ہونے کے دہانے پر پہنچادیا، اس کے ساتھ ساتھ پاکستان اس عرصہ میں سفارتی سطح پر تنہائی کا شکار رہا، وہ دوست ملک کو ناراض کر چکے تھے، ہمارے کلیدی شراکت دار ممالک کو کسی نہ کسی طریقے سے ناراض کیا جاچکا تھا، اس صورتحال میں موجودہ حکومت نے محمد نواز شریف اور اتحادی جماعتوں کی مشاورت سے کام کا آغاز کیا، آئی ایم ایف پروگرام کو بحال کیا گیا، ریاست کیلئے ضروری مشکل فیصلے کئے گئے جس کی ہم نے سیاسی قیمت بھی ادا کی مگر ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا، حسابات جاریہ کے کھاتوں، مالیاتی اور تجارتی خسارہ پر قابو پانے کیلئے اقدامات کئے گئے۔

بقیہ 4

کو نامزد کیا جائے گا، کوئٹہ میں وکیل عبدالرزاق شرکو ٹارگٹ کر کے قتل کیا گیا ہے، جو بار کے سرگرم رکن تھے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف ایک کیس بلوچستان ہائیکورٹ میں زیر سماعت تھا، پی ٹی آئی چیئرمین کے خلاف کل سنگین غداری کے کیس کی سماعت ہوئی تھی، کیس کے وکیل اور درخواست گزار کو آج ٹارگٹ کلنگ کر کے شہید کر دیا گیا۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ یہ ٹارگٹ کلنگ کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے، عبدالرزاق کے قتل کے ذمے دار چیئرمین پی ٹی آئی ہیں، کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کو نامزد کیا جائے گا، قتل کی شفاف تحقیقات کو یقینی بنایا جائے گا، چیئرمین پی ٹی آئی اگر جیل میں ہوتے تو آج یہ واقعہ نہ ہوتا۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو توشہ خانہ اور دیگر کیسز میں سٹے دیا گیا، یہ 9 مئی کے واقعات پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن اب ہم انہیں سٹے آرڈر کے پیچھے چھپنے نہیں دیں گے۔ واضح رہے کہ کوئٹہ میں ایئرپورٹ روڈ پر فائرنگ سے سپریم کورٹ کے وکیل عبدالرزاق شرجاں بحق ہوگئے، وہ چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف سنگین غداری کیس کے درخواست گزار تھے۔

بقیہ 5

ماضی میں بھی چیلنجز کا سامنا کر چکے ہیں اور ضرورت پڑی تو آئندہ بھی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ اپریل 2022 میں ملک اس وقت کی حکومت کی جانب سے آئی ایم ایف سے کیے گئے معاہدے کی خلاف ورزی کے باعث ڈیفالٹ کے قریب پہنچ گیا تھا۔ تباہ کن سیلاب نے بھی پاکستان کی مشکلات میں اضافہ کیا۔ عالمی صورتحال کے باعث پاکستان کو مہنگائی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ 6

بات چیت میں پاکستانی وفد کی قیادت اڈیشنل سیکرٹری خارجہ) یورپ (سفیر محمد سلیم نے کی جبکہ پولش وفد کی قیادت پولینڈ کی وزارت خارجہ کے انڈر سیکرٹری وویچ کیرویل نے کی۔ پاکستان میں پولینڈ کے سفیر ماسیج پسارسکی نے بھی مشاورتی اجلاس میں شرکت کی۔ فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوں کا جائزہ لیا اور اعلیٰ سطح کے تبادلوں اور بات چیت کو بڑھانے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی کے شعبے، ڈیری اور زراعت، مالیاتی شعبے، دفاع، نقل مکانی اور نقل و حرکت، اعلیٰ تعلیم اور ویزا نظام کو ہم آہنگ کرنے کے شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کی اپنی باہمی خواہش کا اعادہ کیا۔ دونوں ممالک کے میڈیا ہاس اور چیمبرز آف کامرس کے درمیان تعاون کی حوصلہ افزائی پر بھی اتفاق کیا گیا۔ بیان کے مطابق فریقین نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا اور اقوام متحدہ سمیت بین الاقوامی فورمز پر تعاون کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اہم امور پر پائی جانے والی ہم آہنگی اور کثیر الجہتی فورمز پر تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ مشاورت کا اگلا دور 2024 میں وارسا میں ہوگا۔

بقیہ 7

اور کشمیر لازم ملزوم ہیں، کشمیر پاکستان کی شہہ رگ ہے، پاکستان میں اگر ترقی کا دور شروع ہوا تو آزاد کشمیر میں بھی شروع ہوا، مسلم لیگ ن اور نواز شریف نے پاکستان کو مشکلات سے نکالا، بھارت کے 5 ایٹمی دھماکوں کے جواب میں 6 ایٹمی دھماکے کر کے دکھائے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستان میں بیس بیس گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہوا کرتی تھی، دہشتگردی کا یہ عالم تھا کہ روز دھماکے ہوتے تھے، پاکستان ٹیلی ویژن آفس، پارلیمنٹ پر چڑھائی کی گئی، 2013 میں عوام نے مسلم لیگ ن پر اعتماد کا اظہار کیا، نواز شریف جمہوریت پسند اور انصاف پسند لیڈر ہیں، بابار حمیع بابا زحمتے ثابت ہوا، وہ آج کل منہ چھپا کر گھوم رہے ہیں، ثاقب نثار نے نواز شریف کیخلاف سازش کی۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی سرکشی اور بغاوت کی تحریک کر رہا تھا، 2018 میں اس کے گناہوں پر پردہ ڈالا گیا، آر ٹی ایس بیٹھا کر پاکستان کے عوام کا مینڈیٹ چوری کیا گیا

بقیہ 8

تشکیل دینے سے متعلق درخواستوں پر سماعت کی اور آئندہ سماعت پر فریقین سے تحریری جواب طلب کرلیا۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ موجودہ نگراں حکومت اپنی مدت پوری کر چکی ہے اور غیر آئینی طور پر کام کر رہی ہے، عدالت سے استدعا ہے کہ نگراں پنجاب حکومت کو ختم کر کے تمام پارٹیز سے مشاورت کے بعد نیا عبوری سیٹ اپ تشکیل دینے کا حکم دیا جائے۔ پنجاب حکومت کی جانب سے جواب جمع کروانے پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے ریمارکس دیئے کہ یہ تاثر نہیں ملنا چاہیے جیسے نگراں حکومت طاقت میں رہنا چاہتی ہے، عبوری حکومت کو غیر جانبدار ہونا چاہیے، ہر بات پر نگراں حکومت کا جواب دینا ضروری نہیں ہے، کیا نگراں حکومت چاہتی ہے کہ انہیں حکومت کرنے دی جائے؟

بقیہ 9

امرال پولیس نے ملزم داؤد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نصیر آباد پولیس نے ملزم مظہر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم حیات اللہ سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ریس کورس پولیس نے ملزم نعمان سے رائفل MP-5 معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم احتشام سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم سخاوت سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، مندرہ پولیس نے ملزم خاور سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 10

۔اس حوالے سے حتمی احکامات ذی الحج کی چاند کی رویت کے بعد حکومت جاری کرے گی۔ دوسری جانب سرکاری ملازمین کو تنخواہ اور پنشن کی ادائیگی بھی قبل از وقت کی جائے گی۔

بقیہ 11

اکرم نے کانفرنس کے شرکا سے اپنے خطاب میں کہا کہ دنیا کے پانچ ممالک کے ہیلتھ سسٹمز میں خدمات سرانجام دینے کا موقع ملا ہے۔ بطور وائس چانسلر طبی درسگاہوں میں ہمیشہ ریسرچ کو فروغ دیا۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ طبی درسگاہیں ہمیشہ علم پھیلاتی ہیں۔ نوجوانوں کو کاروبار کی دنیا میں جدت لانا ہوگی۔ ایک پرفارمر اپنی دنیا خود بناتا ہے۔ پرفارمر ہمیشہ مشکلات کو عبور کر کے کامیابی حاصل کرتا ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ کووڈ 19 نے دنیا کو جینے کے نئے طریقے دیئے۔ کورونا کے دور میں جدید ریسرچ پر توجہ دی گئی۔ اچھی ریسرچ کے ہمیشہ معاشرے پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 2048 تک آبادی کے اعتبار سے دنیا کا تیسرا بڑا ملک بن جائے گا۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے اس موقع پر بیرون ممالک سے آئے ریسرچرز کے درمیان یادگاری شیلڈز بھی تقسیم کیں۔

بقیہ 12

متعلقہ ہائی کورٹ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

بقیہ 13

کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے احکامات پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی صدر نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں

بقیہ 14

سوشل میڈیا پر اسلحہ کی تشہیر کرنے والے ملزم بلال کو گرفتار کرلیا، ملزم سے اسلحہ برآمد ہوا، ملزم نے سوشل میڈیا پر اسلحہ کی ویڈیو بنا کر تشہیر کی اور خوف وہراس پھیلایا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش قطعاً برداشت نہیں کی جائے گی، اسلحہ کی تشہیر کر کے شہریوں میں خوف وہراس پھیلانے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 15

کھلواڑ کیا گیا، گزشتہ 4 سال کی جدوجہد میں کوئی اخلاق سے گری بات کی ہو تو معذرت کرتا ہوں، میں نے کبھی طلال چوہدری اور شہباز گل بننے کی کوشش نہیں کی۔ پاکستان کی دشمن طاقتوں نے اس کے خلاف جنگ لڑنے اور ہرانے کی بات کی پاکستان کو فیٹھ جنریشن وار کے تحت ہرانا ہے، اس کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال کیا گیا۔ فیاض الحسن چوہان نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کو پتہ چل گیا تھا کہ ہماری حکومت جاری ہے جس کے بعد طے شدہ پالیسی سے آئی ایم ایف سے ہٹایا گیا، معاملات کو طول دیا گیا۔ آئی ایم ایف کہ پالیسی تمام ممالک لے کر چلتے ہیں اور اس پروگرام کو نقصان پہنچایا گیا۔ اس پالیسی کو اس لیے تبدیل کیا گیا کہ پاکستان میں مہنگائی کا گراف اوپر لے جانا تھا۔ سوشل میڈیا کے ہیڈ آفس بیرون ممالک میں ہیں، سوشل میڈیا پر ہاپ دی جاتی ہے۔ خیال رہے کہ فیاض الحسن چوہان نے تحریک انصاف چھوڑتے وقت بھی سنگین الزامات عائد کیے تھے۔ فیاض الحسن چوہان نے جہانگیر ترین گروپ میں شمولیت کا عندیہ دے دیا۔ میڈیا رپورٹس میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا تھا کہ جہانگیر ترین سے پی ٹی آئی کے سابق رہنما فیاض الحسن چوہان نے ملاقات کی ہے، ملاقات میں مستقبل کے سیاسی لائحہ عمل پر گفتگو کی گئی۔ جہانگیر ترین سے متعدد سابق ارکانِ قومی و صوبائی اسمبلی ملاقات کر چکے ہیں، جہانگیر ترین کی پہلے مرحلے میں ان ارکان نے حمایت کی جو 2018 کے انتخابات میں آئے تھے۔

بقیہ 16

انور منصور کا کہنا تھا کہ اس وقت سیاسی جماعت پر زمین بہت زیادہ تنگ کر دی گئی ہے، اس وقت معاملہ انتہائی سنجیدہ ہے، نامعلوم افراد ہمارے دفتر سے سارا ریکارڈ اٹھا کر لے گئے، اس وقت پی ٹی آئی دفاتر بند اور عہدیدار روپوش ہیں۔ وکیل انور منصور نے کیس میں جواب جمع کرانے کیلئے مزید ایک ماہ کا وقت دینے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ ریکارڈ کے حصول کیلئے مختلف ذرائع سے کوشش کر رہا ہوں، ریکارڈ کی عدم موجودگی پر اب کیا دلائل دوں؟ چیف الیکشن کمشنر کا کہنا تھا کہ یہ کیس ممنوعہ فنڈنگ کی ضمنی سے متعلق ہے، الیکشن کمیشن مرکزی کیس کا فیصلہ سنا چکا ہے، الیکشن کمیشن نے حقائق کی بنیاد پر مرکزی کیس پر فیصلہ سنایا، مرکزی کیس کا فیصلہ چیلنج کرنا ہے تو متعلقہ فورم پر جائیں۔ الیکشن کمیشن نے انور منصور کی مزید وقت دینے کی درخواست منظور کر لی، الیکشن کمیشن نے جواب جمع کرانے کیلئے مزید 4 ہفتوں کا وقت دے کر کیس کی مزید سماعت 6 جولائی تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 17

۔پولیس کے مطابق دھماکے سے موقع پر سابقہ امن کمیٹی ممبر ولی جان کے بھائی ملک داود اور خونا جان جاں بحق جب کہ عابد اور جنید نام افراد شدید زخمی ہوئے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد فراہم کرنے کے لئے مقامی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

بقیہ 18

مختلف حصوں کا دورہ کروایا۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے لیے شیخ عبدالقادر جیلانی کے مزار کی نئی جالی کو خصوصی طور پر کھولا گیا۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری نے شیخ عبدالقادر جیلانی کے مزار پر فاتحہ خوانی کی اور چادر رکھی

بقیہ 19

اور اسٹاف سطح کا معاہدہ تاحال نہ ہونے کے باعث پاکستان کا معاملہ شیڈول میں شامل نہیں ہے۔ اطلاعات ہیں کہ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان قرض پروگرام کی بحالی پر ڈیڈ لاک برقرار ہے تاہم حکومت 30 جون تک اسٹاف سطح کے معاہدے کے لیے پرامید ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف ٹیکس ہدف 9800 ارب روپے تک لے جانے پر زور دے رہا ہے جبکہ وزارت خزانہ کی جانب سے سالانہ ٹیکس ہدف 9200 ارب روپے مقرر کرنے کی تجویز ہے۔

بقیہ 20

مظاہرہ کرتے ہوئے خوب مزاحمت کی اور ڈکیتی کی کوشش ناکام بنادی۔ آن لائن خرید وفروخت کے بہانے آنے والے ڈکیت نے قیمتی موبائل چھیننے کی کوشش کی، خاتون نے ڈکیت کو دبوچا اور نیچے گرا دیا جس کے بعد مسلح ڈکیت موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہوگیا۔

بقیہ 21

سیکنڈری ہیلتھ علی جان، چیئرمین پی ایچ ایف ایم سی ڈاکٹر عاصم، ایڈیشنل سیکرٹری ڈویلپمنٹ راشد ارشاد اور پی ایم یو کے سی ای او میاں اشفاق اور دیگر متعلقہ افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے اس موقع پر کہا کہ علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور ڈیوٹی میں سستی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کا تحفظ بھی ہر صورت ممکن بنایا جائے گا اور مریضوں اور انکے لواحقین کی اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ قانون اپنے ہاتھ میں لیں اور ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کو تشدد کا سامنا بنا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کے تحفظ کیلئے ضروری قوانین بھی بنائے جائیں گے اور ان پر عملدرآمد بھی کیا جائے گا۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ اگر مریض یا لواحقین کو کسی ڈاکٹر یا پیرا میڈیکل سٹاف کی کوتاہی کی شکایت ہو تو متعلقہ ایم ایس یا محکمہ صحت کے افسران کے نوٹس میں لیکر آئیں کیونکہ ان شکایات کے ازالہ کا ایک باقاعدہ نظام موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں سرکاری علاج گاہوں کے اچانک دورے کئے جارہے ہیں تاکہ سہولیات کا ذاتی طور جائزہ لیا جاسکے۔ انہوں نے مریضوں اور انکے سہولیات کے بارے میں بھی پوچھا۔

بقیہ 22

جاری کیس، ٹرینٹ گائیڈ لائنز پی جی ایل ڈی ایس کی سالانہ کانفرنس کے آخری دن جاری کی گئیں۔ اس حوالے سے ڈاکٹر لبنیٰ کمانی نے بتایا ہے کہ ہیلیکو بیکٹر پائیلوری بیکٹیریا 70 فیصد سے زائد پاکستانیوں کے معدے میں ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پیدائش کے 24 گھنٹوں کے اندر ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین لگا کر اس مرض سے بچا جاسکتا ہے، ہیلیکو بیکٹر پائیلوری کا علاج کافی مشکل اور مہنگا ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ اکثر خواتین مریض مرد ڈاکٹر سے علاج کرانے میں ہچکچاتی ہیں اس لیے معدے کے امراض کے علاج کے لیے خواتین ڈاکٹروں کی ٹریننگ بھی کر رہے ہیں

بقیہ 23

بار استعمال ہونے والی پلاسٹک کی پلیٹس، پیالے، کپ وغیرہ کے خاتمے کا آغاز ہوجائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں عالمی یوم ماحولیات کے حوالے سے ماحولیاتی انحطاط کے لئے پلاسٹک اور قابل تجدید حل کا دوبارہ تصور کے عنوان سے منعقدہ فضائی آلودگی پر اعلیٰ سطحی پالیسی مکالمہ کے افتتاحی سیشن سے آن لائن خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کے معاون خصوصی اور سربراہ پارلیمانی ٹاسک برائے عالمی ترقیاتی اہداف، روبینہ خورشید عالم نے کہا کہ پلاسٹک فری معاشرے کے قیام کے لئے مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے، عوام اپنے طرز زندگی میں ماحول دوستی لاتے ہوئے فضائی ماحول کی خود حفاظت کریں، پاکستان کی ہر گلی، محلہ کی سطح پر صفائی کا عمل شروع ہونا چاہیے اور پاکستان کو کچرے سے پاک ممالک میں شامل کرنے کے لئے ہر شہری کو اس میں حصہ لینا چاہیے۔ اس مکالمے کا اہتمام ایس ڈی پی آئی) پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پارلیمانی ٹاسک برائے عالمی ترقیاتی اہداف، نیشنل ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ فنڈ، اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کے تعاون سے کیا تھا۔ خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے ماحولیات پر خصوصی توجہ مرکوز رکھی ہے، کیمپس کو پلاسٹک فری بنانے کے لئے بھی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کیمپس میں طلبہ کی سہولت کے لئے الیکٹرک گاڑیاں چل رہی ہیں اور عنقریب الیکٹرک بس سروس بھی شروع کی جائے گی۔ ڈاکٹر ناصر نے مزید بتایا کہ ہم یونیورسٹی کے مین کیمپس سمیت تمام علاقائی کیمپسز کی سولرائزیشن کے لئے پرعزم ہیں۔ چیئرمین، بورڈ آف گورنرز، ایس ڈی پی آئی، شفقت کاکاخیل نے کہا کہ ماحولیاتی مسئلے کے حل کے لئے ضروری ہے کہ تمام متعلقین مل جل کر اسے پائیدار بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس مکالمے کا مقصد آگاہی پیدا کرنا ہے، ماحولیاتی آلودگی کے سنجیدہ مسئلے کے حل کے لئے ماہرین اور متعلقہ محکموں کو توجہ دلانا ہے۔ ایس ڈی پی آئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، عابد قیوم سلہری اور نیشنل ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ فنڈ کے سی ای او، بلال انوار نے بھی فضائی آلودگی کے خاتمے کے لئے تجاویز پیش کیں۔ دیگر مقررین نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی اور گلوبل وارمنگ پاکستان سمیت دنیا کے لئے ایک چیلنج ہے، اس چیلنج سے نمٹنے کے لئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ ماحولیاتی آلودگی ہر انسان کے لئے تشویشناک ہے، ہم سب کو اپنی آنے والی نسلوں کے لئے صاف ماحول دینا ہے، معاشرے میں تمام افراد کو ماحولیاتی آلودگی کم کرنے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے جنگلات کے رقبے میں تیزی سے کمی اور پلاسٹک کو ماحول کے لئے خطرناک قرار دیتے ہوئے پلاسٹک کا استعمال ترک کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی ہر انسان کے لئے تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر ہونے والی ماحولیات تبدیلیوں کے مضر اثرات سے بچنے کے لئے ہمیں زیادہ سے زیادہ جنگلات لگانے ہوں گے جبکہ حکومت شاپنگ بیگ اور پلاسٹک کی دیگر چیزوں پر مکمل پابندی لگائیں

بقیہ 24

04 موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے اسلحہ برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا جارہا ہے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان ومال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، منظم اور متحرک گینگو کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 25

کمشنر گوجرانوالہ فیاض احمد موہل، ایف ڈبلیو او، ہائی ویز، ریونیو افسران سمیت دیگر شریک تھے۔ اجلاس کے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی سیکرٹری نے کہا کہ یہ منصوبہ گوجرانوالہ کے شہریوں کے لیے ایک گیم چینجر منصوبہ ہے جس سے نہ صرف معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ انڈسٹریز کو بھرپور فروغ ملے گا جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں اور افسران کو کہا کہ وزیراعظم پاکستان اور نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات ہیں کہ منصوبے کو جلد مکمل کیا جائے گا، موقع پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے، تجاوزات کلیئر کروائیں، جہاں اراضی اکوائر کرنے کی ضرورت ہے اسے نقشے اور کم سے کم لوگوں کو متاثر کئے بغیر مکمل کیا جائے تاکہ جلد از جلد اس منصوبے کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ موٹروے لنک پہلا منصوبہ ہے جس کے ساتھ ملحقہ آبادی کی سہولت کیلئے سروس روڈز بھی تعمیر کی جائے گی جس سے ملحقہ علاقوں کو آمدورفت کی سہولت میسر آئے گی۔ اس موقع پر کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ فیاض احمد موہل، اسسٹنٹ کمشنرز) صدر میاں توصیف حسن، کامونکی خرم مختار بھگلو، تحصیلداران، ایف ڈبلیو او افسران، محکمہ ہائی ویز اور دیگر ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر نے انہیں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 2 روپے 15.2 کلومیٹر لنک کی ممکنہ لاگت 11 ارب روپے ہے، 15.2 کلومیٹر 2 روپے روڈ کو جی ٹی روڈ سے براستہ بے نظیر روڈ منسلک کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں جو زمین درکار ہے اس کے حصول کے لیے اسسٹنٹ کمشنر صدر میاں توصیف حسن اور کامونکی خرم مختار بھگلو کو ریونیو فیلڈ افسران کے ساتھ مل کر نشاندہی اور ایکوزیشن کے عمل کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ جن محکموں سے این او سی درکار ہیں ان سے فوری کوارڈینیشن کی جائے تاکہ منصوبہ تاخیر کا شکار نہ ہو۔

بقیہ 26

ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈویژنل صدر اپسما ابرار احمد خان، ابرار احمد ایڈووکیٹ، وسیم سیفی اور تحصیل جنرل سیکرٹری عدنان نثار، شکیل اختر اور دیگر لوگوں نے شرکت کی۔ ریجنل ڈائریکٹر عامر رفیق نے کالج کے قیام سے لیکر آج تک کے سفر پر روشنی ڈالی۔ انھوں نے بتایا کہ اسوقت پنجاب کے 120 شہروں میں 250 سے زائد برانچز کام کر رہی ہیں۔ اس کے علاوہ انھوں نے غریب نادار ذہین بچوں کے فری ایجوکیشن کا اعلان بھی کیا۔ ابرار احمد خان نے اس موقع پر کالج کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے اپسما اور سپیریئر کالج کے باہمی اشتراک سے طلبا طالبات کے لیے بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کا اعادہ کیا۔

بقیہ 27

پسندی ہے۔ کرپشن اور چوری بازاری میں ہر آئے روز اضافہ ہورہا ہے، سرکاری خزانے میں خرد برد کی نت نئی شکلیں سامنے آرہی ہیں، صاحب اختیارات وسیع پیمانے پر بدعنوانیوں میں ملوث ہیں، اس تمام صورت حال میں سب سے خوف ناک امر یہ ہے کہ عدالتوں پر بھی قوم کا اعتماد ختم ہو چکا، قانون کی حکمرانی کا لفظ ڈکشنری تک ہی رہ گیا، احتساب کے ادارے خود احتساب کے قابل ہیں۔ ملک میں ہر تجربہ ناکام ہوا، پی ٹی آئی کے بعد اب 14 پارٹیوں کی کارکردگی کا پول بھی کھل گیا۔ عوام کے پاس بہتری کا واحد آپشن جماعت اسلامی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے اسلام آباد میں ایڈووکیٹ راجہ اشتیاق احمد کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے سینئر وکلا کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سراج الحق نے کہا کہ تمام عالمی ادارے معیشت کے لیے نئے خطرات کا بگل بجا رہے ہیں مگر حکمران سب اچھا کی پالیسی پر گامزن اور حقائق کا سامنا کرنے کو تیار نہیں۔

بقیہ 28

میں

ن لیگ کی حکومت کا بجٹ عوام دوست ہوتا ہے بلال اظہر کیانی

آئندہ بجٹ میں کمزور و متوسط طبقات کو زیادہ سہولت، مہنگائی میں کمی اور اقتصادی استحکام ہماری ترجیح ہو گی

پاکستان کی معاشی صورتحال گھمبیر ہوئی، دو کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے، 60 لاکھ سے زائد لوگ بے روزگار ہوئے

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے معیشت وتوانائی بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی حکومت کا بجٹ قومی ترجیحات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ہمیشہ عوام دوست ہوتا ہے، آئندہ بجٹ میں بھی کمزور اور متوسط طبقات کو زیادہ سے زیادہ ریلیف، مہنگائی میں کمی، اقتصادی استحکام، تجارت، برآمدات اور سرمایہ کاری میں اضافہ، معاشی دستاویز بندی اور مالیاتی خسارے میں کمی ہماری ترجیح رہے گی، امید ہے آئی ایم ایف کو قائل کرنے میں کامیاب ہوں گے اور سٹاف سطح کا معاہدہ جلد طے پا جائے گا، سی پیک ترقی اور نمو کے سفر کا منصوبہ ہے، توانائی کے شعبہ میں گردشی قرضہ میں کمی کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، بیرون ممالک سے سستی توانائی کے حصول کیلئے کوشاں رہیں گے، ریاست کیلئے ضروری مشکل فیصلے کرکے سیاسی قیمت ادا کی مگر (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی: جنوبی وزیرستان میں شہید محمد صابر فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک

پولیس دیواریں پھلانگ کر لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرے اسلام آباد ہائیکورٹ

سٹیٹ کونسل نے بتایا کہ درخواست گزار کے خلاف 10 مئی کو ایف آئی آر درج ہوئی جس کی کاپی منسلک ہے

عدالت نے پولیس کو ہدایت کی کہ جو ایف آئی آر میں نامزد ہے اسے بے شک گرفتار کریں یوں کسی اور کو ہراساں نہ کیا جائے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پولیس کو ہدایت کی ہے کہ دیواریں پھلانگ کر لوگوں کو بلاوجہ تنگ نہ کیا جائے۔ ہائی کورٹ میں عمر ایوب خان کے گھر چھاپے اور فیملی کو ہراساں کرنے کے خلاف اہلیہ کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ وکیل نے استدعا کی کہ عمر ایوب کے کم عمر بیٹے کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں، اسے ہراساں کرنے سے روکا جائے۔ عدالت نے پولیس کو ہدایت کی کہ جو ایف آئی آر میں نامزد ہے اسے بے شک گرفتار کریں یوں کسی اور کو ہراساں نہ کیا جائے، ایسے دیواریں پھلانگ کر لوگوں کو بلاوجہ تنگ نہ کریں، ایس ایس پی آپریشنز نے یقین دہانی کرائی کہ عدالتی حکم کی تعمیل ہو گی۔ سٹیٹ کونسل نے بتایا کہ درخواست گزار کے خلاف 10 مئی کو ایف آئی آر درج ہوئی جس کی کاپی منسلک ہے، تمام قانونی کارروائی پوری کی گئی (بقیہ نمبر 33)

باغ: 9 مئی کی بغاوت کو سیاسی احتجاج کا نام دے کر معاف نہیں کیا جا سکتا: رانا ثنا اللہ

بغاوت پر اکسانے کا کیس، شہباز گل کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

سیشن عدالت نے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست مسترد کر دی

شہباز گل کو عدالت میں پیش ہونا ہوگا یا پھر ناقابلِ ضمانت وارنٹ پر عملدرآمد ہوگا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) بغاوت پر اکسانے کا کیس، شہباز گل کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سیشن عدالت میں پی ٹی آئی رہنما شہباز گل کیخلاف بغاوت پر اکسانے سے متعلق کی سماعت ہوئی، سیشن جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ شہباز گل کی جانب سے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی گئی جسے عدالت نے مسترد کر دیا۔ سیشن عدالت نے شہباز گل کے ناقابلِ ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے، جج نے ریمارکس دیئے کہ شہباز گل کو (بقیہ نمبر 35)

نیب نے فرح خان اور احسن جمیل گجر کو 8 جون کو طلب کر لیا

نیب تحقیقات میں ملزمان کے نام 117 اکاؤنٹس کے انکشاف پر طلبی کا فیصلہ کیا گیا

بینک اکاؤنٹس میں بزدار دور میں ساڑھے 4 ارب مالیت کی مبینہ ٹرانزیکشنز کا بھی انکشاف ہوا

لاہور (جنرل رپورٹر) نیب نے فرح خان اور احسن جمیل گجر کو 8 جون کو طلب کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیب تحقیقات میں فرح خان اور احسن جمیل گجر کے نام 117 اکاؤنٹس کے انکشاف پر طلبی کا فیصلہ کیا گیا۔ نیب ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ ملزمان کیخلاف تحقیقات کے دوران 4 غیر ملکی بینک اکاؤنٹس بھی منظر عام پر آئے، بینک اکاؤنٹس میں بزدار دور میں ساڑھے 4 ارب مالیت کی مبینہ ٹرانزیکشنز کا انکشاف ہوا۔ دونوں ملزمان کے نام مجموعی طور پر ڈیڑھ ارب کی جائیدادیں بھی پائی گئیں (بقیہ نمبر 34)

بغداد: بغداد: بلاول بھٹو کی حضرت امام موسیٰ کاظم کے روضہ مبارک پر حاضری

جائیداد کے لالچ نے بیٹے کو نافرمان بنا دیا ہے؛ بیوہ جمیلہ بی بی

بیٹے نے بیوی اور سالوں کے ساتھ مل کر مارکیٹ اور گھر کے ڈاکومنٹس جعلی بنا رکھے ہیں

نارووال (نیوز رپورٹر) بیوہ جمیلہ بی بی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ میری تین بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے میرا بیٹا اور دو بیٹیاں شادی شدہ ہے میرا اکلوتا بیٹا رحمان خالد جو کہ اب میرا نافرمان بن چکا ہے مورخہ 22/03/10 کو اس کی شادی کے 3 ماہ بعد ہی میرے شوہر کا انتقال ہو گیا بیٹا اپنی بیوی صباحت اور اپنے سالوں رانا اعجاز، رانا مقصود کے کہنے پر میرے اور میری بیٹی کے ساتھ بُرا سلوک کرنے لگا، بھیجر اپرٹی والے جعلی نامہ پر دستخط کرنے پر مجبور کیا انکار پر میری چھوٹی بیٹی پر جان لیوا حملہ اور (بقیہ نمبر 37)

مسلح ڈاکوؤں کا اغواء شدہ دو افراد کی رہائی کیلئے پانچ لاکھ تاوان کی رقم کا مطالبہ

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) علاقہ کھریانوالہ سے بار روز قبل مسلح ڈاکوؤں دو افراد کو کار میں زبردستی اغواء کرکے صادق آباد کے علاقہ کچے میں لئے گئے وہاں ملزمان نے انکی رہائی کیلئے پانچ لاکھ روپے تاوان کی رقم کا مطالبہ کیا چنانچہ صادق آباد پولیس نے کچے کے علاقہ میں مغوی رضوان اور یاسین کو بازیاب کرانے کے چھاپہ مار تو اغواء کار مسلح ڈاکوؤں (بقیہ نمبر 39)

بلاول بھٹو زرداری کے اگلے وزیراعظم بننے کے امکانات ہیں، منظور وٹو

اکتوبر میں الیکشن ہوں گے پنجاب اور وفاق میں اتحادی حکومت بنے گی

پی ٹی آئی چھوڑنے والے کچھ آزاد حیثیت میں رہیں گے اور کچھ پیپلز پارٹی میں جائیں گے

لاہور (خبر نگار) سابق وزیراعلیٰ پنجاب منظور وٹو کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی میں جانے کے امکانات ہے لیکن ابھی حتمی فیصلہ کرنا ہے، میرے بچوں نے تحریک انصا کو چھوڑ دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعلیٰ پنجاب منظور وٹو نے اے آر وائے نیوز کو انٹرویو میں پیشگوئی کی ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کے اگلے وزیراعظم بننے کے امکانات ہیں، اکتوبر میں الیکشن ہوں گے، پنجاب اور وفاق میں اتحادی حکومت بنے گی۔ پنجاب میں ن لیگ کی سربراہی میں اتحادی حکومت اور خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف ہو گی، سندھ میں پیپلز پارٹی اور بلوچستان میں بھی پی پی دوسرے اتحادیوں کو ساتھ ملا کر حکومت بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ کا وزیراعظم پیپلز پارٹی مان سکتی ہے تو پیپلز پارٹی کے وزیراعظم کو بھی ن لیگ سپورٹ کرے گی۔ پیپلز پارٹی کے دوستوں اور جہانگیر ترین سے ملاقاتیں ہوئی ہیں، جہانگیر ترین نئی پارٹی بنانے کے خواہاں ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ قد آور شخصیات ان کے ساتھ آئیں (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف موثر کاروائیاں

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف موثر کاروائیاں، لیڈی منشیات فروش سمیت 5 0 ملزمان گرفتار، 0 5 کلو 4 1 0 گرام چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے ملزمہ زہرا خالد سے 02 کلو 800 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم اکمل سے (بقیہ نمبر 41)

ایس ایچ او گوجر خان ملک محمد نواز اور انکی ٹیم کی کارروائی

منشیات فروش کی بیوی گرفتار بھاری مقدار میں چرس برآمد مقدمہ درج

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجر خان ملک محمد نواز کی سربراہی میں پولیس تھانہ گوجر خان نے ایک اہم کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش کی بیوی کو بھاری منشیات کے ساتھ گرفتار کر لیا پولیس تھانہ گوجر خان کی اس کاروائی پر ایس پی صدر نے پولیس تھانہ گوجر خان کو شاباش دی اور منشیات فروشوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے کی ہدایات پولیس تھانہ گوجر خان نے منشیات فروش علی زمان عرف جاناں سکنہ مردایال گلیانہ کی بیوی کو گرفتار کرکے ملزمہ کے (بقیہ نمبر 42)

حلیم عادل شیخ کا پارٹی چھوڑنے والوں پر طنز، نئی پارٹی کا نام بھی تجویز کر دیا

آجکل نئی نئی پارٹیاں بن رہی ہیں اور نام بھی تلاش کئے جا رہے ہیں

ایک نام میں بھی تجویز کر دیتا ہوں، شاید پسند آجائے' پریس کانفرنس پارٹی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حلیم عادل شیخ نے پارٹی چھوڑنے والوں پر دلچسپ انداز میں طنز کرتے ہوئے نئی پارٹی کا نام بھی تجویز کر دیا۔ حلیم عادل شیخ کو حال ہی میں تحریک انصاف سندھ کا صدر مقرر کیا گیا۔ اس حوالے سے پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل عمر ایوب کے دستخط سے نوٹی فکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ گزشتہ ماہ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف نے حکومت سے مذاکرات کے لیے جو 7 رکنی ٹیم تشکیل دی تھی اس میں بھی حلیم عادل شیخ کا نام شامل تھا۔ حلیم عادل شیخ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ آج کل نئی نئی پارٹیاں بن رہی ہیں اور ان کے نئے نام بھی تلاش کئے جا رہے ہیں، ایک نام میں بھی تجویز کر دیتا ہوں، شاید پسند آجائے، حلیم عادل شیخ نے پریس کانفرنس پارٹی (PCP) کا نام تجویز کرتے ہوئے کہا کہ افسوس کہ مجھے ان نئی پارٹیوں کا مستقبل بھی مصطفیٰ کمال کی ''PSP'' سے مختلف نظر نہیں آ رہا۔ 9 مئی کے واقعات کے بعد تحریک انصاف (بقیہ نمبر 38)

فیصل آباد، والدین کی ڈانٹ ڈپٹ سے دل برداشتہ 13 سالہ لڑکے کی خودکشی

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد والدین کی ڈانٹ ڈپٹ سے دل برداشتہ 13 سالہ لڑکے نے گلے میں پھندہ ڈال کر خودکشی کر لی، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔ بتایا جاتا ہے کہ ملت ٹاؤن کے علاقہ سٹیم پاور کے رہائشی 13 سالہ احمد علی ولد ممتاز علی کا کسی بات پر گھر والوں میں جھگڑا ہو گیا تو والدین نے احمد علی کو ڈانٹ پلائی، جس پر وہ دلبرداشتہ ہو گیا اور کمرہ میں جا کر گلے میں رسہ ڈال کر پنکھے سے لٹک گیا، جب کافی دیر باہر نہ آیا تو اہل خانہ نے کمرہ میں (بقیہ نمبر 45)

ملکی سیاسی صورتحال پر جے یو آئی کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس طلب

اسلم غوری کے مطابق اجلاس میں خطے کی سیاسی صورتحال پر بھی غور، قومی انتخابات کے حوالے سے مشاورت ہوگی

اجلاس میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال پر غور و خوض ہوگا، اجلاس کی صدارت جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کریں گے، اسلم غوری

پشاور (جنرل رپورٹر) ملکی سیاسی صورتحال پر جمعیت علماء اسلام) جے یو آئی (کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس طلب کر لیا گیا۔ ترجمان جے یو آئی کے مطابق مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس 10 جون کو مفتی محمود مرکز پشاور میں ہوگا، اجلاس جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کے حکم پر طلب کیا گیا ہے۔ اسلم غوری کے مطابق اجلاس میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال پر غور و خوض ہوگا، اجلاس کی صدارت جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کریں گے۔ اسلم غوری کے مطابق اجلاس میں خطے کی سیاسی صورتحال پر بھی غور، قومی انتخابات کے حوالے سے مشاورت ہوگی، اجلاس میں ملک بھر سے اراکین مجلس شوریٰ شرکت کریں گے۔

لاہور: لاہور میں موسلا دھار بارش سے موسم خوشگوار، 150 فیڈرز ٹرپ، متعدد علاقوں میں بجلی بند

گنجمنڈی پولیس کی کاروائی، آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے 02 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) گنجمنڈی پولیس کی کاروائی، آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے 02 ملزمان گرفتار، سامان آتش بازی برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے 02 ملزمان طیب الٰہی اور ذیشان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے سامان آتش بازی برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج (بقیہ نمبر 44)

وزیر مملکت برائے پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک سے ترکمانستان کے سفیر کی ملاقات، ترکمانی وفد کے دورہ پاکستان پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر مملکت برائے پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک سے پاکستان میں ترکمانستان کے سفیر عطاجان مولا موف نے ملاقات کی۔ وزارت پٹرولیم سے جاری بیان کے مطابق ترکمانستان کا توانائی وفد کل پاکستان پہنچے گا۔ ملاقات میں وفد کے دورے کے متعلق تفصیلات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مصدق ملک نے کہا کہ دورے سے تاپی منصوبے میں پیش رفت ہوگی۔ ملاقات میں (بقیہ نمبر 43)

کوئٹہ میں فائرنگ کر کے سپریم کورٹ کے وکیل کو قتل کر دیا گیا

عبدالرزاق چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کے پٹیشنر تھے

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) کوئٹہ میں سینئر ایڈووکیٹ عبدالرزاق کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ائیر پورٹ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سپریم کورٹ کے وکیل عبدالرزاق کو قتل کر دیا۔ ایڈووکیٹ عبدالرزاق پرائیر پورٹ روڈ عالمو چوک کے قریب فائرنگ ہوئی۔ مقتول پر کلاشنکوف سے فائرنگ کی گئی۔ پولیس نے جاں بحق وکیل لاش سول اسپتال منتقل کر دی جہاں لاش کا پوسٹ مارٹم ہوگا۔ بتایا گیا ہے کہ سینئر ایڈووکیٹ عبدالرزاق کی گاڑیاں پر 14 گولیاں ماری گئیں۔ عبدالرزاق چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کے پٹیشنر تھے۔ وکیل نے آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی شروع (بقیہ نمبر 46)

لاہور: نگراں حکومت کو غیر جانبدار ہونا چاہیے: لاہور ہائیکورٹ

راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری

گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، محمد عامر خان نیازی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری، 07 ملزمان گرفتار، 5 7 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم ندیم سے 20 لیٹر شراب، نیو ٹاؤن پولیس نے ملزم احسان سے 05 لیٹر شراب، صادق آباد پولیس نے ملزم عرفان سے 09 لیٹر شراب، ملزم پرویز سے 10 لیٹر شراب، نصیر آباد پولیس نے ملزم (بقیہ نمبر 49)

کراچی، نمک کی آڑ میں منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام

کراچی (کرائم رپورٹر) اے این ایف نے نمک کی آڑ میں منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس کے ترجمان کے مطابق انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل پر کنٹینر (بقیہ نمبر 47)

پنجاب بھر میں 1142 ٹریفک حادثات میں 13 افراد جاں بحق 1181 زخمی

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1142 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 587 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 594 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر بروقت طبی (بقیہ نمبر 48)

لاہور: پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ کیساتھ بھاری جرمانوں کی بھی منظوری

قومی اقتصادی کونسل کا ملک بھر میں مارکیٹیں رات 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ

اس اقدام سے سالانہ ایک ارب ڈالر کی بچت ہوگی، ورکنگ خواتین میں 22 ہزار سکوٹیز بھی تقسیم کی جائیں گی

قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں قومی توانائی بچت پلان پیش کیا گیا جس کے تحت مارکیٹیں رات 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ ہوا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں قومی توانائی بچت پلان کے تحت ملک بھر میں مارکیٹیں رات 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس اقدام سے سالانہ ایک ارب ڈالر کی بچت ہوگی، ورکنگ خواتین میں 22 ہزار سکوٹیز بھی تقسیم کی جائیں گی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس ہوا جس میں وزیر خزانہ اسحاق ڈار، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وزیر کامرس نوید قمر، وزیر مواصلات مولانا اسعد محمود، پنجاب، خیبر پختونخوا کے نگران اور سندھ کے وزرا اعلیٰ نے شرکت کی، بلوچستان کے وزیر اعلیٰ شریک نہیں ہوئے، این ای سی اجلاس میں آئندہ بجٹ سے متعلق بریفنگ دی گئی اور نئے کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں قومی توانائی بچت پلان پیش کیا گیا جس کے تحت مارکیٹیں رات 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ ہوا، اس کے علاوہ آئندہ مالی سال کیلئے 2 ہزار 700 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام کی منظوری دی گئی ہے، جن میں وفاقی ترقیاتی پروگرام کیلئے 950 ارب روپے، 55 ارب روپے ایکسٹرنل فنانسنگ کے شامل ہیں۔ این ای سی اجلاس میں آئندہ بجٹ سے متعلق بریفنگ دی گئی اور نئے کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں قومی توانائی بچت پلان پیش کیا گیا جس کے تحت مارکیٹیں رات 8 بجے بند (بقیہ نمبر 51)

شاہ محمود قریشی کی نظر بندی کالعدم قرار، فوری رہا کرنے کا حکم

ماضی میں جو کچھ ہوا اسے چھوڑ دیں آئندہ ایسا نہ ہو، ہر چیز مذاق نہیں ہوتی

جسٹس علی باقر نجفی نے شاہ محمود قریشی کی بیٹی کی درخواست پر سماعت کی

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے شاہ محمود قریشی کو فوری رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ میں وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی کی نظر بندی کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس چوہدری عبدالعزیز نے درخواست پر سماعت کی۔ سرکاری وکیل نے درخواست پر مہلت کی استدعا کی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ شاہ محمود قریشی کے خلاف شواہد تو پیش کیے جائیں۔ لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے قرار دیا کہ ماضی میں جو کچھ ہوا اسے چھوڑ دیں آئندہ ایسا نہ ہو، ہر چیز مذاق نہیں ہوتی۔ عدالت نے شاہ محمود قریشی کی تھری ایم پی او کے تحت نظر بندی کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے دیا، لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے شاہ محمود قریشی کو فوری رہا کرنے اور وائس چیئرمین تحریک انصاف کو کسی اور ایم پی او آرڈر کے تحت گرفتار نہ کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے شاہ محمود قریشی کو کسی قسم کا شورٹی بانڈ جمع کرانے کی ہدایت نہیں کی۔ یاد رہے کہ لاہور ہائیکورٹ نے شاہ محمود قریشی کیخلاف درج مقدمات کی تفصیلات طلب رکھی ہیں۔ گزشتہ روز عدالت میں وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی کو گرفتار نہ کرنے کی درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس علی باقر نجفی نے (بقیہ نمبر 54)

پنجاب حکومت نے یاسمین راشد کی بریت لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دی

تمام ثبوت ہونے کے باوجود انہیں مقدمے سے ڈسچارج کیا گیا، درخواست میں مؤقف

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب حکومت نے ڈاکٹر یاسمین راشد کی بریت کو چیلنج کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت نے صدر پی ٹی آئی پنجاب یاسمین راشد کی بریت کیخلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی ہے۔ درخواست میں یاسمین راشد اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ ٹرائل کورٹ نے حقائق کے برعکس یاسمین راشد کو مقدمے سے ڈسچارج کیا۔ یاسمین راشد نے جناح ہاؤس پر حملہ کرنے والوں کی قیادت کی، تمام ثبوت ہونے کے باوجود صدر پی ٹی آئی پنجاب کو مقدمے سے ڈسچارج کیا گیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ یاسمین راشد کو مقدمے سے ڈسچارج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے۔ یاد رہے کہ 3 جون کو انسداد دہشت گردی عدالت نے جناح ہاؤس حملہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف پنجاب کی صدر ڈاکٹر یاسمین راشد کو مقدمہ سے ڈسچارج کر دیا تھا۔ یاسمین راشد کو انسداد دہشتگردی عدالت میں پیش کیا گیا تھا، پولیس نے یاسمین راشد کو تھانہ سر (بقیہ نمبر 50)

16 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 02 ملزمان گرفتار، آرے بازار پولیس

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) آرے بازار پولیس کی کاروائی، 16 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 02 ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق آرے بازار پولیس کو متاثرہ لڑکے کی والدہ نے درخواست دی کہ ملزمان احسان اور شکیل نے ساتھیوں کے ہمراہ خنجر کی نوک پر اس کے بیٹے کو زیادتی کا نشانہ بنایا، آرے بازار پولیس نے فوری مقدمہ (بقیہ نمبر 53)

ہوس کا نشانہ بننے والا 12 سالہ بچہ دورانِ علاج انتقال کر گیا

ایڈیشنل آئی جی نے سی پی او ملتان سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی

طالبہ سے زیادتی کے واقعہ میں ملوث ملزم قانون کے تحت کڑی سزا سے نہیں بچ پائے گا

ملتان (نیوز رپورٹر) ملتان میں انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں پر 12 سالہ بچے کے ساتھ بدفعلی کی گئی جو علاج کے دوران انتقال کر گیا۔ بتایا گیا ہے کہ شجاع آباد میں 12 سال کا بچہ مبینہ بدفعلی کے بعد انتقال کر گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ ملتان کے علاقے شجاع آباد میں پیش آیا جہاں نامعلوم ملزم نے بچے کو ہوس کا نشانہ بنایا اور بعد ازاں کھیت میں پھینک کر فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق بچے کو انتہائی تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ علاج کے دوران دم توڑ گیا۔ ایڈیشنل آئی جی نے سی پی او ملتان سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ دوسری جانب لودھراں میں مبینہ طور پر لڑکی (بقیہ نمبر 52)

چیئرمین پیمرا اسلیم بیگ کی پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان آمد نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

علاقائی صحافیوں کی آگاہی کے کے لیے پیمرا ریگولیشنز آگاہی ورکشاپ کا جلد انعقاد کیا جائے گا

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق چیئرمین پیمرا اسلیم بیگ کی پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان آمد نومنتخب عہدیداران اور کابینہ نے انکا شاندار استقبال کیا چیئرمین پیمرا نے نومنتخب عہدیداران اور کابینہ کو مبارکبادی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا چیئرمین پوٹھوہار پریس کلب شہزاد قریشی، صدر عامر وزیر ملک، جنرل سیکرٹری راجہ اسد محمود نے چیئرمین اور ڈی جی پیمرا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پوٹھوہار پریس کلب نے ہمیشہ علاقائی مسائل کو اجاگر کیا اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے اس موقع پر چیئرمین پیمرا اسلیم بیگ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علاقائی صحافیوں کو پیمرا ریگولیشنز کے حوالے سے آگاہی دینے کیلیے ورکشاپس کا انعقاد بہت جلد کیا جا رہا ہے اور ہم بڑے پیمانے پر اس میں جدت لانے کی کوشش کر رہے ہیں، نئے چینلز کو لائسنس کا اجرا بھی کیا جا رہا ہے اور ڈی ٹی ایچ سسٹم (بقیہ نمبر 60)

گوجر خان: چیئرمین پیمرا اسلیم بیگ کی پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان آمد نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

معزز عدالت نے قتل کے مقدمہ میں نامزد مجرم کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت معہ 05 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنا دی

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ، معزز عدالت نے قتل کے مقدمہ میں نامزد مجرم کو جرم ثابت ہونے پر سزائے (بقیہ نمبر 59)

خلا سے لاہور کا نظارہ، اماراتی خلاباز نے اسپیس اسٹیشن سے تصویر بنا کر شیئر کر دی

لاہور (نیوز رپورٹر) متحدہ عرب امارات سے تعلق رکھنے والے خلاباز سلطان النیادی نے خلائی اسٹیشن سے پاکستان کے شہر لاہور کی تصویر شیئر کر دی۔ متحدہ عرب امارات کے خلاباز سلطان النیادی نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن (آئی ایس ایس) سے پاکستان اور بھارت کی تصاویر لی ہیں، اب تک اپنے مشن کے دوران انہوں نے زیادہ تر عرب (بقیہ نمبر 61)

نواز شریف فیملی پر جھوٹے کیس بنائے گئے، رانا محمد طارق

پانامہ لیکس میں بھی نواز شریف کو بے بنیاد سزا دی گئی، سابق رکن صوبائی اسمبلی

مانگا منڈی (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سابق ایم پی اے کرنل (ر) رانا محمد طارق نے کہا ہے کہ آئندہ الیکشن میں مسلم لیگ (ن) ہی بھاری مینڈیٹ سے کامیابی حاصل کرے گی۔ مسلم لیگ (ن) جب بھی اقتدار میں آئی، پاکستان میں ترقی و خوشحالی کا سفر لائی، پاکستان اور نواز شریف ایک دوسرے کیلئے لازم و ملزوم ہیں، جب بھی نواز شریف کو اقتدار سے نکالا ملکی معیشت کا کباڑہ کر دیا جاتا ہے کرنل رانا محمد طارق نے مزید کہا کہ نواز شریف اور انکی ٹیم دن رات محنت سے پاکستان کو دوبارہ ٹریک پر لاتے ہیں پھر اچانک کوئی بابا رحمتے جیسا کردار انکو قوم کی خدمت کرنے سے روک دیتا ہے، نواز شریف کا جرم صرف پاکستان کی خدمت کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تیس سالوں سے شریف فیملی کیخلاف جھوٹے کیسز بنائے جا رہے ہیں لیکن آج تک ایک دھیلے کی کرپشن نہیں ثابت ہو سکی، پانامہ لیکس میں بھی نواز شریف کو بے بنیاد سزا دی گئی جبکہ اس کیس میں نیب مریم نواز کیخلاف کوئی جرم ثابت نہیں کر سکا اور وہ (بقیہ نمبر 57)

وزیراعظم چوہدری انوار الحق سے SCO کے سیکٹر کمانڈر کرنل عبدالرشید کی ملاقات

مظفر آباد (نیوز رپورٹر) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر چوہدری انوار الحق سے SCO کے سیکٹر کمانڈر کرنل عب